MEKTUM

T NUMBERS

Natural

Self Prescribable

Immediate Effect

مُعیاری ادویات ..... میکٹم کی شناخت

MEKTUM

Gastropex

Tablets

- گیس
- تیزابیت
- بدہضمی
- پیٹ کا درد
- سینے کی جلن
- متلی
- کھٹی ڈکاریں
- پیٹ کا پھولنا

GREAT IN TASTE

Natural Effective remedies
for the Whole Family.

مُعیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

MEKTUM HOMOEO PHARMA
ISO 9001-2008 CERTIFIED
UNMATCHED QUALITY SINCE 1988

www.mektum.com https://www.facebook.com/mektum

Scanned with CamScanner

MEKTUM
MAN'S FORCE
TABLETS

میکٹم مینزفورس گولیاں

(قوت مردی میں کمی)

علامات سرعت انزال، قوت باہ میں کمی خوابش کا مفقود ہونا، احتلام وغیرہ۔

خواص زندگی کے تندو تیز تھپیڑے جوانی کی بہاروں کو اڑا لے جاتے ہیں۔
جوانی کی غلط کاریوں اور بے راہ روی کی وجہ سے قوت باہ کم ہو جاتی ہے اور سرعت انزال کی شکایت مرد کو شرمندگی سے دوچار کر دیتی ہے۔

مینزفورس کا استعمال مردوں کو حیات تازہ اور خزاں رسید پھولوں کی طرح کملائے ہوئے رخساروں کی گل بہاری کی مانند رنگین کر دیتا ہے۔

مینزفورس مردوں کی جنسی صلاحیتوں کو توانائی پہنچا کر انکے افعال اور کارکردگی کو بحال کرتے ہیں قوت باہ میں اضافہ کر کے ایستادگی کی صلاحیت بڑھا دیتے ہیں۔ سرعت انزال کی شکایت رفع ہونے سے ازدواجی زندگی شب زفاف سے زیادہ رنگین ہو جاتی ہے۔

مینزفورس کے استعمال سے پچپن سالہ بوڑھے بھی جوانوں کی طرح شگفتہ و تر و تازہ نظر آنے لگتے ہیں۔ اعضائے تناسل کو اس سے غضب کی تحریک پہنچتی ہے اور برسوں کے سوئے ہوئے جذبات مردی بھی اس کے استعمال سے بیدار ہو جاتے ہیں۔

مینزفورس جنس اور ذہن کے بکثرت اور غیر صحتمندانہ استعمال سے ہونے والی اعصابی، جسمانی اور خصوصیات کے ساتھ جنسی کمزوری کی ایسی دوا ہے جس کے استعمال سے نامراد اور ازکار رفتہ بوڑھے بھی چند ہی روز میں مرد کامل بن جاتے ہیں اور ایک بار پھر اپنے رعب اور رتبے میں اضافہ کر کے شرمندگی اور پریشانی کو رفع کر سکتے ہیں۔

طریقہ استعمال روزانہ دو گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

پرہیز ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

حفظ ماتقدم کم از کم دو ماہ تک استعمال جوانی کی سی کلیاں چٹکا دے۔

معیاری ادویات میکٹم کی شناخت

MEKTUM
FERRO MEK
IRON + LECITHIN FIBRE MALT

add iron to your daily run

Indications:

- Anaemia
- Calcium Deficiency
- Recoups Nutritional Deficiencies
- Stimulates Digestion and Appetite
- Promotes Healthy Growth in Children
- Prevents and Cures Iron Deficiency
- Supports Stamina and Vitality

MEKTUM
PAIN MEK
PAIN RELIEF TABLET

- ☑ جوڑوں کا درد
- ☑ سر درد
- ☑ کمر درد
- ☑ درد شقیقہ
- ☑ عرقُ النّساء
- ☑ دانت کا درد

پین میک سے ملے بھرپور زندگی

Scanned with CamScanner

MEKTUM HEAMORROIDS OINTMENT

میکٹم ہیمورائیڈز آئنٹمنٹ

(بواسیر مسّوں سے نجات کے لئے بیرونی دوا)

میکٹم ہیمورائیڈز آئنٹمنٹ بواسیر جیسے لاغر اور نڈھال کر دینے والے مرض کا خاتمہ کر کے سکون وراحت عطا کرتی ہے۔ بواسیر کا سبب خواہ کوئی بھی ہو اور مسّے چاہے مٹر کے دانے سے لے کر اخروٹ کے برابر ہوں میکٹم ہیمورائیڈز آئنٹمنٹ کا پر اثر فارمولا بواسیر کی تکلیف کو دور کرنے میں جادوئی اثر کا حامل مجرب ترین فارمولا ہے جس کے باعث مریض کو راحت واطمینان نصیب ہوجاتا ہے۔

MEKTUM PAIN GEL

میکٹم پین جیل

آرتھرائٹس کے نام کے احاطہ میں آنے والی سوسے زائد ہڈیوں کی تکالیف جلد از جلد علاج مانگتی ہے۔ **میکٹم میک جیل** صرف درد ہی دور نہیں کرتی بلکہ سوزش، سوجن، اور سختی سے مریض کو آزاد کرتی ہے۔ اسکے علاوہ کسی بھی قسم کی چوٹ سے ہونے والے درد سے فوری آرام پہنچاتی ہے۔

MEKTUM THUJA (CREAM)

میکٹم تھوجا کریم

موسم کی سختی الرجی اور دیگر اسباب کی بنا پر ہونے والے مسّے Warts یا بیرونی اعضاء پر اُبھرنے والی ڈنڈی دار رسولیوں، پھوڑوں اور کپڑوں سے ڈھکے ہوئے اعضاء پر نکلنے والے دانوں کا جڑ سے یعنی مستقل بنیادوں پر خاتمہ کرنا مقصود ہوتو میکٹم تھوجا کریم باقاعدہ لگائیں اور سُکھ چین کی بنسی بجائیں۔

MEKTUM SUPER ACTIVE (CREAM)

میکٹم سُپر ایکٹیو کریم فارمین

(مردانہ عضو میں کامیاب تحریک کے لئے)

میکٹم سُپر ایکٹیو کریم فارمین کے موثر اجزاء عضو مخصوصہ کی رگوں اور پٹھوں کو نئی قوت دے کر زائل شدہ توانائی کو بحال کرنے میں سو فیصد مجرب تسلیم کئے گئے ہیں۔ اس کا مسلسل استعمال عضو کے ٹیڑھے اور چھوٹے پن کی شکایت کو بھی دور کرتا ہے۔ شادی شدہ افراد کی خوشگوار ازدواجی زندگی کے لئے اکسیر ہے۔

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM RELAX (TABLETS)

مُیکٹم ریلیکس ٹیبلٹ

دن ڈھلنے کے بعد رات کی آمد دراصل انسانی بدن کو سکون میسّر کرنے کا جواز دے کر آنے والے کل کیلئے تازہ کر دیتی ہے۔ مگر اکثر کسی نہ کسی بیماری کے سبب نیند انسان کی آنکھوں سے اُوجھل ہو جاتی ہے۔ اگر یہ کیفیت کئی روز تک برقرار رہے تو دماغی افعال متاثر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ اس عارضے کو رفع کرنے کا بہترین حل مُیکٹم **ریلیکس** ٹیبلٹ گولیوں کی صورت میں ہر ایک کے لئے سودمند ہے۔

علامات نیند کا نہ آنا، بے خوابی ایسے عوارض جو کمزوری کا نتیجہ ہیں۔ چڑچڑاپن، رات کو خوفزدہ ہونا، الکوحل کے بداثرات، ہسٹریا، حافظے کی کمزوری، غیر مرتکز سوچ، مضر اثرات سے پاک مُیکٹم **ریلیکس** ٹیبلٹ قدرتی نیند لا کر انسان کو چاق و چوبند رکھتی ہے۔ دماغی سکون فعل کو کوئی نقصان پہنچائے بغیر اعصاب کو سکون بخشتی ہے۔

کسی بھی عمر کے لوگ، عارضہ قلب میں مبتلا افراد غرض کوئی بھی مُیکٹم **ریلیکس** ٹیبلٹ بے جھجک استعمال کر سکتے ہیں۔

MEKTUM SHARBAT-E-FAULAD (SYRUP)

مُیکٹم شربتِ فولاد سیرپ

برائے فولادی قوّت

- بدن کو چُست اور طاقتور بناتا ہے۔
- چہرے کی رنگت کو نکھارتا ہے۔
- دوران زچگی طاقت دیتا ہے۔
- معدے اور جگر کی اصلاح کر کے خوب بھوک لگاتا ہے۔
- ہر عمر کے مردوں، عورتوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہے۔

MEKTUM SAMZA # 1 (TABLETS)

مُیکٹم سمزا # 1

اگر آپ کا بچہ بستر میں واردات کر دے (پیشاب کر دے) تو اسے ہرگز نہ ڈانٹ ڈپٹ یا حراساں کریں۔ کیونکہ بحالت نیند وہ یہ حرکت شرارت کی نیت سے تو نہیں کر رہا۔ بلکہ اسکے جسم میں یقیناً کوئی نہ کوئی گڑبڑ ہوئی ہے جسکے سبب اس نے نادانستگی میں ایسا کیا۔ کیونکہ یہ حرکت آپ سے بھی تو ہو سکتی ہے۔ لیکن آپ تو بڑے ہو چکے ہیں آپ کو کون ڈانٹے گا۔ لہٰذا اس معاملے کو ذرا سنجیدگی سے سمجھیں۔

مُیکٹم **سمزا # 1** آپکے اس مسئلے کا حل پیش کرتا ہے۔ اور یقیناً آپ سمزا کے نتائج سے قدرتی مطمئن بھی ہوں گے۔ کیونکہ سمزا # 1 نے ان تمام علامتوں اور خرابیوں کو Cover کیا ہے جن کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے۔

MEKTUM TONSIMEK (TABLETS)

مُیکٹم ٹانسی میک

- ✓ ٹانسلز کا بڑھنا
- ✓ گلے کی سوجن کی وجہ سے بخار
- ✓ گلے کا درد
- ✓ سوزش حلق
- ✓ خنّاق
- ✓ آواز کا بیٹھ جانا
- ✓ گلے میں خارش
- ✓ سانس لینے میں دشواری
- ✓ نرخرے کی سوزش میں اکسیر

معیاری ادویات ... مُیکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM MEK PILES (TABLETS)

مُیکٹم میک پائلز ٹیبلٹ

ثقیل، مرغن اغذیہ، جدید طرز زندگی، ورزش سے دوری یا آرام طلبی، دورانِ حمل میں اضافی دباؤ بواسیر کی آمد کو دعوت دینے والے عام محرکات ہیں۔ خونی یا بادی بواسیر میں بواسیری مسّوں کی جلن اور درد، رفع حاجت کے وقت چبھن اور جلن کا رہنا، مسّوں کا پھول جانا، مسّوں سے پیپ نما مواد کا نکلنا، مسّوں کا باہر نکلنا یا مقعد کے اردگرد زخم ہونا مریض کو بے چین رکھتا ہے۔ خارش، ایگزیما، مقعد کا چاک ہونا۔

میک پائلز ٹیبلٹ بواسیر کے سبب پیدا ہونے والی تکالیف سے ہمیشہ کیلئے نجات دلاتی ہے اور معمولی کام کاج سے بھی قاصر لوگوں کو چاق و چوبند رکھتی ہے۔ بچوں میں بھی آنتوں کی سُستی کی وجہ سے قبض کی شکایت بے ضرر طریقے سے رفع کرتی ہے۔ آنتوں کے فعل کو درست کر کے بواسیر کے مرض کی جڑیں کاٹ ڈالتی ہے۔ **میک پائلز** ٹیبلٹ ایام حمل اور زچگی میں بھی اس مرض سے نجات کا محفوظ ترین ذریعہ مانا جاتا ہے۔

MEKTUM NEFRENOL KIDNEY (DROPS & SYRUP)

مُیکٹم نیفرینول کڈنی ڈراپس اینڈ سیرپ

بغیر آپریشن

گردے و مثانے کی پتھری سے نجات

- ✔ گردوں کی جملہ تکالیف
- ✔ ریگِ مثانہ
- ✔ پیشاب میں ریگ
- ✔ پیشاب میں جلن
- ✔ ورمِ گردہ
- ✔ کمزوری
- ✔ اُلٹیا و ابکائیاں
- ✔ گردے و پیشاب کی نالی میں پتھری

MEKTUM OSTEO-MEK (TABLETS)

مُیکٹم آسٹیو میک ٹیبلٹ

برائے آرتھرائٹس

وجع المفاصل کی دردیں، صبح اُٹھتے ہی یا تھوڑا آرام کرنے کے بعد جوڑوں میں شدید کڑکڑاہٹ، متعلقہ جوڑوں کی حرکت سے درد بڑھ جانا، جوڑوں اور پٹھوں کے متورم مقام اور ان کی حرکات میں بتدریج کمی، گردن میں درد، کمزوری اور حرکت پر کڑکڑاہٹ کی آواز کا پیدا ہونا، گردن میں درد، گردن کی پشت کے جوڑوں کی کڑکڑاہٹ اور یہ احساس کندھوں، بازوؤں، ہاتھوں اور ٹانگوں تک جائے، چمڑے کی ہڈیوں کا درد، ہڈیوں کا گلنا، کمر کا شدید درد، کمر کے مہروں کا سُن ہونا، سوجن، کمزوری اور شدید کمر درد ہڈیوں کی قوت میں کمی، کمر کا ٹیڑھا پن جو قد میں بھی فرق ڈال دے، کانوں میں گھنٹیوں کی آوازیں، بے قاعدہ و بکثرت حیض کی شکایات آپ کی نیندیں اچاٹ کر کے دن بدن مضمل اور سست کرتی جائیں تو **آسٹیو میک** ٹیبلٹ ان تمام مصائب سے آپ کو آزاد کر کے شفائے کامل کی نوید بنتی ہے۔

MEKTUM RHEUMA LINIMENT (EXTERNAL USE ONLY)

مُیکٹم رھیومالینمنٹ

جوڑوں کی ہر تکلیف کے لئے آزمودہ

جوڑوں اور پٹھوں کا درد، ریڑھ کی ہڈی کے جوڑوں میں درد، بڑھاپے میں جوڑوں کا درد، موچ اور اعصابی درد۔ انسانی جسم کے تمام اعضاء امور زندگی کے انجام دہی کے لئے ہر آن اپنی قدرتی حالتوں میں مصروف عمل رہتے ہیں۔ اس عمل کو بخیر و خوبی جاری رکھنے کے لئے آرام بھی ضروری ہے مگر جب انسانی اعضاء کے افعال میں اعتدال برقرار نہیں رہتا ہے تو جوڑوں میں بعض اوقات اندرونی پیچیدگیوں کے باعث بھی رطوبت کی کمی سے وہی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے افعالی ضروریات سے کم یا زیادہ خوراک بھی افعالی ابتری پیدا کر کے درد کا سبب بن سکتی ہے اس کے علاوہ بیرونی عوامل مثلاً، سردی، گرمی، یا بھیگ جانے سے بھی جسم کے باعث حصوں میں ورم کے ساتھ درد ہوتا ہے۔

Erase your Pain with
MEKTUM
RHEUMA LINIMENT

Scanned with CamScanner

MEKTUM HIGHT GROW (CAPSULES)

مُیکٹم ہائٹ گرو

جسمانی غدودوں کی کمی اور ان میں ابتری، مناسب غذا کا نہ ملنا اور صحت مند ماحول کا فقدان جسمانی خداوندی کو متاثر کرتا ہے۔ جس کی وجہ سے بڑھتی ہوئی عمر کے مطابق قد میں اضافہ نہیں ہوتا۔ مُیکٹم **ہائٹ گرو** ہڈیوں کو کیلشیم فراہم کر کے ہڈیوں کو مضبوط بناتا ہے۔ خون کی کمی کو پورا کرتا ہے اور ناقص غدودوں کے فعل کی اصلاح کر کے جسمانی اعضاء کی مکمل نشوونما اور قد بڑھانے میں مدد دیتا ہے۔ سرخ ذرات اور ہیموگلوبین کی مقدار میں اضافہ کرتا ہے اور یاداشت کو مضبوط بناتا ہے۔

قد میں
6
انچ
کا اضافہ کیجئے

MEKTUM JAAM-E-HAYAT (SYRUP)

امراضِ قلب سے حفاظت کے لئے

مُیکٹم

جام حیات

قدرتی روایتی ٹانک

- ✔ دل کی بند شریانوں کو کھولتا ہے
- ✔ کولسٹرول کو نارمل کرتا ہے
- ✔ سانس پھولنے کی شکایت میں راحت
- ✔ بلڈ پریشر کنٹرول کرتا ہے
- ✔ جسم میں گیس و بادی کو ختم کر کے موٹاپے سے نجات دلاتا ہے

معیاری ادویات --- مُیکٹم کی شناخت

MEKTUM MEKCHOL (TABLETS)

مُیکٹم میک کُول ٹیبلٹ

مرغن اور نشاستہ دار اشیاء کا استعمال اور ورزش کی کمی کی وجہ سے نہ صرف بیرونی طور پر بدن موٹا اور بدنما دکھائی دیتا ہے بلکہ خون کی نالیوں میں بھی چکنائی کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ خون گاڑھا ہو جاتا ہے اور کولسٹرول کا مرض لاحق ہو جاتا ہے جو دل کی تکلیف اور فالج جیسے خطرناک مسائل کے لئے راستہ کھول دیتا ہے۔

میک کُول ٹیبلٹ خون کی نالیوں میں نرمی اور لچک بیدار کر کے رفتہ رفتہ خون میں بڑھے ہوئے کولسٹرول کی مقدار کو دور کر کے کولسٹرول کے مرض اور اس کے باعث لاحق ہونے والے دیگر عوارض مثلاً ہائی بلڈ پریشر، امراض قلب، اعصابی یا ذہنی دباؤ، چکر آنا، ہاتھ پیروں کا سُن ہو جانا کسی کام میں دل نہ لگنا، دل پر بوجھ محسوس ہونا دل ڈوبنے کا احساس ہونا وغیرہ سے محفوظ رکھتی ہے۔

میک کُول ٹیبلٹ کا غذائی احتیاط و ورزش کے ساتھ باقاعدہ استعمال کولسٹرول کے مرض کو کوسوں دور بھگاتا ہے۔

معاون دوا: مُیکٹم T-45 ہمراہ استعمال کریں۔

MEKTUM MEKBIN (SYRUP)

مُیکٹم میکبن سیرپ

آئرن ٹانک

- ✔ ہیموگلوبن کی کمی
- ✔ غنودگی
- ✔ سُستی
- ✔ چکر آنا
- ✔ بال گرنا
- ✔ کمزوری
- ✔ نیز تھکن
- ✔ کاہلی
- ✔ R.B.C کی کمی

معیاری ادویات --- مُیکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM

T-1

Composition:
Anacardium 6x, Argentum Nit 6x,
Arsenic Album 4x, Belladonna 4x,
Carbo Veg 6x, Chelidonium 3x,
Lycopodium 4x, Nat Phos 4x, Nux Vomica 4x.

میکٹم ٹی #۱ (گیس، تیزابیت، بدہضمی، السر سے آرام)

معدہ کی کارکردگی کا معتدل رہنا انسانی صحت کی بقاء کا بنیادی جزو ہے۔

T-1 ہاضمے کی خرابیوں کے باعث معدہ کو درپیش آنے والے بنیادی مسائل یعنی گیس و بدہضمی کا موثر ترین علاج ہے۔

T-1 گیس و بدہضمی، قبض کی شکایت پیٹ کی گڑگڑاہٹ، ناف کے اطراف درد، جھوٹی بھوک، جگر کے فعل کی خرابی کے باعث درپیش ہونے والی بدہضمی، میٹھی چیزوں کی زیادہ خواہش، ڈٹ کر کھانے کے باوجود طبیعت کا سیر نہ ہونا، راتوں کو جاگنے، شراب یا کافی کی کثرت سے ہاضمہ کی خرابی، آرام طلب لوگوں کی ہاضمہ کی خرابی کو دور کر کے افعال ہاضمہ کو بہتر بناتی ہے

T-1، مندرجہ ذیل علامات کے لئے بے مثال مرکب ہے۔

معدہ کی نئی و پرانی سوزش، معدہ میں زخم کے ساتھ یا اسکے بغیر سینے کی جلن، ڈکاریں، صرف کھانے کے دوران معدہ کو سکون محسوس ہو، پیٹ پھولنا، آنتوں میں ہوا بھرنا۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار یا ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق اگر جگر بھی خراب ہو تو **T-35** ہمراہ استعمال کریں۔

پرہیز: مصالحہ دار اشیاء و مرغن اشیاء استعمال نہ کی جائیں۔

MEKTUM

T-2

Composition:
Aconice 3x, Aralia Racemosa 2x,
Blatta Orient Q.Convallaria Maj Q, Drosera Q,
Gelsemium 4x, Grindellia Q, Ipecac 4x,
Lobelia 3x, Natr Sulf 5x, Stramonium 4x

میکٹم ٹی #۲ (ہر نوعیت کے دمہ کی سکون بخش دوا)

پھیپھڑوں کی خرابی اور اسکی نالیوں کا تنگ ہوجانا انسان کے لئے متوازن انداز میں زندگی گزارنا ایک مشکل امر بنا دیتا ہے۔

T-2 ان تمام افراد کے لئے مؤثر ترین مرکب ہے جو اس موذی مرض کے باعث اپنے روزمرہ کی زندگی میں خلل محسوس کرتے ہیں۔

T-2 دمہ و سانس کی تکلیف سے راحت حاصل کرنے کا نام ہے۔ **T-2** گرم یا مرطوب موسم کے باعث موذی کھانسی، چھر کوٹنے والے مزدوروں کا دمہ، معدہ کی خرابیوں سے لاحق ہونے والا دمہ، بچوں کا دمہ، موذی کھانسی کے لئے لیس دار بلغم خارج ہونے کی صورت میں دمہ غذا لینے پر دمہ کی تکلیف میں اضافہ، ہاضمہ کی خرابی کے ساتھ دمہ یا سانس کی چھوٹی نالیوں کے پھیل جانے یا سکڑ جانے کے باعث دمہ درپیش ہونے کی صورت میں **T-2** کا باقاعدہ استعمال مریضوں کے لئے رحمت ایزدی ثابت ہو کر دمہ جیسے موذی مرض سے نجات دلانے کا باعث بنتا ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں شدید دورے کی صورت میں تھوڑے وقفے سے خوراک دہرائی جاسکتی ہے۔

پرہیز: ٹھنڈی اشیاء اور چاول سے پرہیز کریں۔

معیاری ادویات --- میکٹم کی شناخت

MEKTUM T Numbers

T-1 گیس، تیزابیت، بدہضمی السر سے فوری آرام	**T-2** ہر نوعیت کے دمہ کی سکون بخش دوا	**T-3** ناک کی بڑھی ہوئی ہڈی، پرانا نزلہ چھینکوں سے نجات	**T-4** خون صاف کرنے اور جلدی بیماریوں کا کامیاب علاج
T-5 ذیابطیس، پیشاب اور خون میں شوگر آنا، شوگر کا موثر علاج	**T-6** جوڑوں کا درد، کمر درد، عرق النساء اور ریڑھ کی ہڈی کا درد	**T-7** ہر قسم کے خونی و بادی بواسیر کا جڑ سے خاتمہ	**T-8** لیکوریا کا مکمل خاتمہ
T-9 ہائی بلڈ پریشر، دل کی تمام تکالیف اور انجائنا سے نجات	**T-10** احتلام، مردانہ کمزوری اور ٹیڑھے پن کی دوا	**T-11** نظر کی کمزوری، عینک سے نجات اور آنکھوں کے تمام امراض کیلئے	**T-12** پچکے گال، کمزور جسم اور وزن بڑھانے کیلئے
T-13 امراض نسواں اور قلت ایام میں زوراثر	**T-14** طویل القامتی کا مختصر راستہ قدٹیں فوری اضافہ	**T-15** بستر پر پیشاب نکل جانے کا موثر علاج	**T-16** موٹاپے اور پیٹ کی چربی سے بے ضرر نجات
T-17 گردے و مثانے کی پتھری کو خارج کرنے کا اعلیٰ ترین مرکب	**T-18** بڑھے ہوئے ٹانسلز اور گلے کی خرابی کیلئے بہترین دوا	**T-19** چکر آنا اور نقاہت کے سبب سر چکرانے کی بہترین دوا	**T-20** کیل مہاسے، جھائیوں، داغ دھبے دور کرنے کا موثر علاج
T-21 لوبلڈ پریشر، دل کی تمام تکالیف کا کامیاب علاج	**T-22** سستی دور کرنے میں بہترین بے خوابی کا علاج	**T-23** مثانے کے کمزوری، پروسٹیٹ کا بڑھ جانا غدودوں کی سوجن کا بے مثال علاج	**T-24** کالی کھانسی، خشک کھانسی، برانکائٹس کی تکلیف میں راحت
T-25 دست اور پیچش کا فوری خاتمہ	**T-26** پیٹ کے کیڑے کے خاتمہ کی بہترین دوا	**T-27** بالوں کا گرنا، سفید ہوجانا، خشکی کی شکایت کا فوری خاتمہ	**T-28** ہر قسم کے بخار کو فوری کم کرنے کی کامیاب دوا
T-29 خون کی کمی اور بھوک لگنے کی بہترین دوا	**T-30** قبض کا موثر ترین علاج	**T-31** پسینے کی زیادتی کی کامیاب دوا	**T-32** کمر کے درد کا مضبوط علاج
T-33 سوزش اور سوجن کی بہترین دوا	**T-34** پیشاب کے جملہ امراض، گردوں کی سوجن کے لئے	**T-35** پتے کی پتھری اور امراض جگر کے لیے	**T-36** ہر قسم کے اخراج خون کے آگے بند
T-37 چہرے کے فالتو بالوں کا بہترین و منفرد حل	**T-38** دائمی نزلہ زخرو ورم، ناک کی ہڈی کے ٹیڑھے پن کا مکمل علاج	**T-39** ہر قسم کے ایگزیما کے لئے موثر دوا	**T-40** برص کے مرض کا خاتمہ
T-41 نسوانی حُسن، بریسٹ میں اضافہ	**T-42** سر درد، درد شقیقہ آدھے سر کا درد	**T-43** رحم اور بیضہ دانی رسولیوں کا خاتمہ	**T-44** یادداشت میں اضافے کے لئے
T-45 کولسٹرول کو کنٹرول کرنے کے لئے	**T-46** گھٹیادی درد اور یورک ایسڈ کی زیادتی	**T-47** بڑھتی ہوئی ہڈیوں کا سدّ باب	**T-48** متلی، اُلٹی اور قے کی دوا
T-49 مردانہ طاقت کی موثر دوا	**T-50** فالج کا علاج	**T-51** گلٹیوں، رسولیوں اور کینسر ٹیومر کے لئے	**T-52** ہیپاٹائٹس سے نجات
T-53 منہ کے چھالوں کے لئے	**T-54** گردن اور کمر کے مہروں کی تکالیف	**T-55** ایڑھی کے درد سے نجات	**T-56** جلدی امراض، چھپاکی ہر قسم کے الرجی کے لئے

Scanned with CamScanner

MEKTUM T3

Composition:
Ars Alb 6x, China Ars 6x, Cinnabaris 6x,
Formica Rufa 5x, Kali Bich 12x,
Lemna Minor 8x, Merc Sol 12x, Pulsatilla 6x,
Sulfur 12x, Teucrium M.V. 4x.

میکٹم ٹی #۳ (ناک کی بڑھی ہوئی ہڈی، نزلہ، سردرد سے نجات)

ناک ہی وہ عضو ہے جس کے باعث انسان چمنِ حیات کی مختلف خوشبوؤں سے لطف اندوز ہوسکتا ہے۔

T-3 پیشانی اور رخسار کے درمیان ناک سے گزرنے والی ہوا کے لئے بنے ہوئے سوراخ یعنی سائنس کے انفیکشن کا بہترین علاج ہے۔ **T-3** کے متوازن فارمولے کے باعث اب بغیر آپریشن کے ناک کی بڑھی ہوئی ہڈی وبد گوشت کا کامیاب علاج آسان ترین عمل ہوگیا ہے۔ **T-3** ناک کے دیرینہ امراض الرجی، نیا و پرانا نزلہ، ہر موسم کا نزلہ ڈسٹ الرجی کے باعث چھینکیں، ناک میں بولنے کی شکایت، سر کے بھاری پن کی شکایت مسلسل نزلے کے باعث سر کے بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا اور اس جیسی دیگر شکایات کو رفع کر کے انسان کو ایک نئی کائنات رنگ وبو سے آشنا کر دیتی ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: ٹھنڈی اور زیادہ چکنائی والی چیزوں سے پرہیز کریں۔

MEKTUM T5

Composition:
Acid Phos 12x, Lycopodium 12x,
Natr Sulf 12x, Secale Corr 6x, Syz Jambo 3x,
Uranium Natr 3x.

میکٹم ٹی # ۵ (ذیابیطس، پیشاب اور خون میں شوگر آنا، شوگر کا مؤثر علاج)

لبلبہ اگر انسولین کی زیادہ مقدار خارج کرنا شروع کردے تو ذیابیطس کا مرض لاحق ہوجاتا ہے۔اس مرض میں انتڑیوں، دماغ واعصاب، گردہ، آنکھ جگر یا لبلبہ میں سے کسی ایک یا زیادہ اعضاء کی خرابی ممکن ہوسکتی ہے۔

T-5 کا باقاعدہ استعمال وخوراک میں پرہیز، ان مشکلات کا مؤثر حل ہے۔

T-5 پانی کی طرح پھیکے رنگ کا زیادہ مقدار میں پیشاب، پیشاب بار بار اور زیادہ مقدار، پیروں پر ورم، ٹانگوں میں درد، پیٹ اُبھرا ہوا، بار بار پیشاب، ذیابیطس میں نکلنے والے پھوڑے، پیشاب میں زیادہ مقدار میں شکر خارج ہو، کثرت جماع یا دماغی محنت کے باعث علامات میں اضافہ، بھوک اور پیاس زیادہ اور بے حد کمزوری لاحق ہو تو **T-5** ہی وہ بے مثال مرکب ہے جسکا باقاعدہ استعمال کر کے آپ اپنی شکایات کو رفع کرنے کے لائق ہوپاتے ہیں۔اور زندگی سے اپنے لئے شیریں پہلو تلاش کر پاتے ہیں اور زندگی میں چاشنی گھول سکتے ہیں۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

MEKTUM T4

Composition:
Anacardium 3x, Ars. Sulf Flav 4x,
Berb Aqu 2x, Echinacea 3x, Hepar Sulf 6x,
Hydrocotyle 2x, Sulfur 2x.

میکٹم ٹی #۴ (خون صاف کرنے کی بہترین دوا)

انسانی رگوں میں دوڑتا ہوا خون اگر آکسیجن کی وافر مقدار کے بجائے آلائش لئے ہو تو وہ جلدی بیماریوں یا دیگر جسمانی تکالیف کی صورت میں ہو کر شخصیت اور صحت دونوں کو گہنا دیتا ہے۔ صاف ستھری و بے داغ جلد ایک صحت مند انسانی جسم وذہن کی ترجمان ہوتی ہے۔ ہر شخص اپنی جلد کو صاف اور بے داغ رکھنے کا خواہاں ہوتا ہے۔ **T-4** ہر قسم کے جلدی امراض مثلاً چہرے کی پھنسیاں کیل دانے، مہاسے، ہر قسم کی نئی و پرانی خارش، نامکمل علاج کی وجہ سے سوزاک کے دبے ہوئے اثرات، جسم میں پائی جانے والی گلٹیاں، جلد کے پیپ دار یا غیر پیپ دار چھپے یا اُبھار والے دانے، سر اور چہرے پر مسے، چیچک کے ٹیکے کے تکلیف دہ اثرات، جلد پر مختلف قسم کے دانوں کو نہ صرف ہموار بلکہ فرار کرانے میں کامیاب ہے۔

T-4 نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کے لئے بے مثال تحفہ ہے، جن میں آغاز عنفوان شباب ہی دانے اور پھنسیوں کی سوغات لئے ہوئے ہوتا ہے۔ **T-4** انکے مسائل کا بہترین حل ہے اور انکے غدودوں کے افعال کے نظام کو ٹھیک کر کے ان کو مثالی و بے داغ جلد کی بہار دیتا ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

MEKTUM T6

Composition:
Arnica 6x, Berberis 4x, Bryonia 3x,
Colchicum 3x, Dulcamara 4x, Gaultheria 2x,
Guajcum 3x, Ledum 3x, Rhus Tox 3x,
Rhododendron 3x, Lithium Carb 3x.

میکٹم ٹی # ٦ (جوڑوں کا درد، کمر کا درد، عرق النساء، ریڑھ کی ہڈی کا درد)

دُکھتے ہوئے جوڑ، عمر کی زیادتی کے ساتھ خشک اور کھردرے ہوتے جوڑوں کا درد، ہر آنے والے دن کے ساتھ حضرت انسان کو حواس باختہ کر دیتا ہے۔ **T-6** جوڑ، عضلات، پٹھوں کے درد، ورم، اعصابی درد، گھٹیاوی تکالیف، زیادہ وزن اٹھانے اور بھیگ جانے کے اثرات کو دور کر کے انسان کو فعال اور متحرک بناتی ہے۔ **T-6** دردوں کی وجہ سے ہونے والی بے چینی سوجے ہوئے جوڑ، گرم یا سرد وخشک ہوا لگنے سے بائی کی دردیں اور بائی کی دردوں کے باہم اشتراک میں مطلوب ہوتی ہے۔ پانی میں کام کرنے سے دردیں واقع ہوں اکڑے یا سخت جوڑوں کے لئے، کمر اور ٹانگوں کے درد کے لئے، پرانی چوٹ کے اثر کے لئے، مختلف جوڑوں میں درد جو ہڈی میں خرابی کی وجہ سے ہو، جوڑوں کو لہے میں شدید اینٹھن کے ساتھ گٹھیا کے اثر سے درد ہو تو **T-6** کا باقاعدہ ومکمل مستقل مزاجی کے ساتھ استعمال جاری رکھ کے آپ اس مرض کو جس کی آمد نے آپ کو بے سکون کر دیا تھا آہستہ آہستہ اسکے گھر لوٹا دیں گے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں

پرہیز: متاثرہ حصے کو گرم رکھیں، غسل کے لئے سرد پانی کا استعمال نہ کریں، مرطوب جگہوں سے حتی الامکان دور رہیں۔

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM T7

Composition:
Acid Nit 3x, Aesculus Hipp 2x, Collinsonia 4x, Graphites 8x, Hamamelis 3x, Hydrastis 3x, Kali Carb 6x, Lycopodium 5x, Nux Vomica 4x, Paeonia 3x.

میکٹم ٹی # ۷ (ہر قسم کی خونی و بادی بواسیر کا جڑ سے خاتمہ)

بواسیر کی تکلیف جو ہر لحہ انسان کو بے چین و بے آرام رکھتی ہے۔ **T-7** مقعد و مبرز میں وریدوں کی شکایت کو دور کرتی ہے۔ سوزش یا ان وریدوں کے پھولے ہوئے مسے جو مقعد کے اندر یا باہر بھی ہو سکتے ہیں اور جن سے اکثر خون بھی خارج ہو سکتا ہے۔ **T-7** مسلسل بیٹھے رہنے کی عادت، مرغن غذاؤں کا استعمال، زمانہ حمل کی قبض، مبرز کی رگوں و بافتوں کی کمزوری اور دیگر تکالیف جو بواسیر کی دعوت کا باعث بنتی ہیں ان کو رفع کرنے میں بے مثال ثابت ہوتی ہے۔

T-7 کی علامات کا احاطہ درج ذیل علامات پر محیط ہے۔

مقعد میں چبھن، جلن یا خارش کا شدید احساس، درد کمر، حاملہ کی شدید قبض اور بواسیر، بغیر خون کی بواسیر، لٹکے ہوئے مسّے، چڑچڑے اور حرکت سے جی چرانے والے ورزش سے محروم حضرات، چائے، شراب نوشی، محرکات، مصالحہ جات، قبض، کشاء ادویات وغیرہ کے شکار افراد، سیاہی مائل یا سُرخ خون کے بکثرت اخراج، غرض ہر قسم کی بواسیری سوزش میں جب مریض کسی پہلو قرار نہ پاتا ہو، زندگی سے بیزر نظر آتا ہو تو **T-7** کا باقاعدہ استعمال ہی اسکے لئے رحمت ایزدی ثابت ہو کر اسکو سکون و اطمینان بخشتا ہے اور سریان حرکت میں برکت کا قائل ہو جاتا ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: قبض، بادی اور مرغن غذاؤں سے پرہیز کریں، گائے کے گوشت کا استعمال ترک کر دیں، ورزش کو اپنا معمول اور حرکت کو اپنا شعار بنائیں۔

MEKTUM T8

Composition:
Alumina 6x, Borax 6x, Calc Phos 6x, Chenopodium 30, Kreasote 6x, Ova Testa 6x, Pulsatilla 6x, Sepia 6x

میکٹم ٹی # ۸ (لیکوریا کا مکمل علاج)

ہارمونز میں تبدیلی غیر متوازن غذائی عادات، خون کی کمی، قبض، بدہضمی، رات دیر تک جاگنے کی عادت اور خارش کے سبب ہونے والے زخم لیکوریا کی وجہ بن جاتے ہیں اور یہ مرض نہ صرف عورتوں کو اندرونی طور پر کھوکھلا کر کے رکھ دیتا ہے بلکہ رفتہ رفتہ عورتوں کے حسن و شباب تازگی و شگفتگی کو گہن کی طرح چاٹتا چلا جاتا ہے۔ بے چینی، خوف اور جنسی خواہش کو دبانے سے عورتوں کے پوشیدہ نسوانی اعضاء کے انفیکشن، جسمانی محنت، دماغی یا اعصابی کمزوری اور قوت مزاحمت کی کمی کے باعث درپیش آنے والے لیکوریا جیسے خطرناک مرض، جس میں عورتیں سیلان الرحم اور پوشیدہ نسوانی اعضاء کے ورم، جلن یا خارش کا شکار ہو جاتی ہیں ان کو بھاپ کی طرح تحلیل کر دیتا ہے۔ **T-8** عورتوں میں رحم سے تیز زخم ڈالنے والا پانی، گاڑھی لیس دار رطوبت، نیلگوں بلغمی رطوبت، انڈے کی سفیدی کی طرح بے تحاشہ رطوبت، ماہواری سے پہلے یا بعد میں انڈے کی سفیدی جیسی رطوبت، دودھ کے رنگ کی رطوبت، رحم اور بیضہ دانی کے قریب سختی اور ان کے باعث ہونے والے سردرد، کمر درد، اعصابی کمزوری جوڑوں کا درد، ٹانگوں پنڈلیوں میں درد، کام کی بے رغبتی، چکر آنا اور دل ڈوبنے کی شکایت کو رفع کر کے عورتوں کے لئے صاف ستھری اور اعتماد و قوت سے بھرپور ایک روشن زندگی کا در وا کر دیتا ہے اور عورتوں کے لئے ہمت و چستی کا مخزن ثابت ہوتا ہے۔ **T-8** بلا امتیاز ہر عمر کی عورت، خواہ وہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو یا نہ ہو ان کے لئے ایک بہترین دوا ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: دودھ اور سادہ غذا کو ترجیح دیں، لباس صاف ستھرا رکھنا بنیادی جزو ہے۔

معیاری ادویات --- میکٹم کی شناخت

MEKTUM T9

Composition:
Aurum Mur 6x, Cactus Grand 4x, Camphora 2x, Crataegus 2x, Digitalis 3x, Ignatia 6x, Kali Phos 4x, Laurocerasus 3x, Rauwolfia 1x, Valeriana 3x

میکٹم ٹی # ۹ (ہائی بلڈ پریشر، دل کی تمام تکالیف اور انجائنا کا موثر علاج)

بلند فشار خون ایک ایسا مرض ہے جو رفتہ رفتہ انسان کے اندر اس طرح اپنی جڑیں مضبوط کر لیتا ہے کہ خود انسان اس سے لاعلم رہتا ہے۔ بلند فشار خون اگر مسلسل رہے تو یہ مرض شمار کیا جاتا ہے۔ اس کی وجہ تفکرات، نفسیاتی اثر، موروثیت، ذیابیطس، گردوں کے فعل کی ناقص کارکردگی، وزن میں اضافہ، بے قراری، بے یقینی اور چربیلی غذا کے باعث دل کی نالیوں میں **Cholestrol** کا اضافہ ہے۔ **T-9** بلند فشار خون کے باعث پیش آنے والے خطرناک امراض مثلاً فالج، ہارٹ اٹیک، اسٹروک دل یا گردے کی ناقص کارکردگی کے درمیان ایک آہنی دیوار ثابت ہوتا ہے۔ اور فشار خون کو مناسب رکھ کر اعصاب کو سکون بخشتا ہے۔ گردوں کی کارکردگی کو بہتر بناتے ہوئے **Cholestrol** کی مقدار کو مناسب رکھتا ہے۔ اور معمولات زندگی کو معتدل رکھتا ہے۔ **T-9** بلند فشار خون کے باعث مریض کی جنونی کیفیت، پریشان یا خوفزدہ کیفیت، دل کی بے قاعدہ دھڑکن و حرکت، جگر کے فعل کی عدم کارکردگی، کمزور یادداشت، زیادہ جسمانی محنت کے باعث سانس میں تنگی، غنودگی زدہ کیفیت، بلڈ پریشر کے ساتھ ساتھ واقع ہونے والی ہاضمہ کی خرابی بلڈ پریشر کے ساتھ ساتھ چھوٹے یا بڑے جوڑوں کے درد کے شکار لوگوں کے لئے ایک گراں قدر نعمت مترقبہ ہے۔ جس سے استفادہ حاصل کر کے وہ اپنے اعصاب کو پرسکون رکھ سکتے ہیں۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں

پرہیز: اس مرض میں غذا کا درست انتخاب بے حد اہمیت کا حامل ہے، دودھ کا استعمال زیادہ سے زیادہ اور گوشت ہر قسم کا کبھی کبھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ چائے اور کافی کا بہترین نعم البدل چھاچھ کو جانیں اور نمک کو اپنا جانی دشمن گردانتے ہوئے اس سے زیادہ سے زیادہ محتاط رہیں۔

MEKTUM T10

Composition:
Acid Phos Q, Agus Cast Q, Ambra Q, China 3x, Damiana 3x, Kali Phos 6x, Ginseng Q, Nuphur Luteum Q, Yohimbinum Q.

میکٹم ٹی # ۱۰ (احتلام، مردانہ کمزوری اور ٹیڑھے پن کی دوا)

انسانی بدن ایک امانت اور نعمت خداوندی ہے جس کے حق کی ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں انسان کو نہ صرف آخرت میں بلکہ دنیا میں ہی اپنی بدعملیوں کے باعث پشیمانی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے۔ **T-10** جوہر حیات کے زیادہ اخراج اور جوانی کی غلط کاریوں، دماغی، جسمانی جنسی اور خاص طور سے اعصابی کمزوری، نامردی، مضمحل اور کام سے غفلت برتنے والوں کے لئے ایک ایسا گراں قدر سرمایہ ہے جس کے باعث ایک بار پھر درخشاں و پُر بہار جوانی سے لطف اندوز ہونا ممکن ہو گیا ہے۔ **T-10** کثرت جماع، مشت زنی اور احتلام کے بعد ہونے والی اعصابی کمزوری، عام جسمانی ناطاقتی، دل کی دھڑکن، تمام جسم معہ دماغ مفلوج سا اور ڈھیلا ڈھالا ہو خواہش جماع قطعاً نہ ہو، شراب و کباب کی کثرت کا شکار چڑچڑے اصحاب، عام کمزوری کے ساتھ قبض کی شکایت، معمر آدمیوں میں مکمل نامردی، مفقود خود اعتمادی منی کا گرنا اور ایسی ہی دیگر علامات جن کے باعث دنیا کی ہر شے بوجھی اور افسردہ نظر آتی ہے اور ان میں انقلاب برپا کر کے اسے ایک بار پھر خوش منظر طوفان رنگ و بو میں تبدیل کر دیتی ہے۔ جسکی بقاء فقط اعتدال اور خواہشات نفسانی کے طوفان پر بند باندھے رکھنے میں مضمر ہے۔ **T-10** نفس انسان کو صحت و پاکیزگی عشرت و جوانی کے بہشت بریں تک لے جاتا ہے جو پر بہار اور نغمہ و نگہت سے معمور ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: ترش اور مرغن غذا سے پرہیز رکھنا لازمی ہے، نیز قبض نہ ہونے دیں اور رحمت ایزدی سے فضل کے طالب رہیں۔

معیاری ادویات --- میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM T11

Composition:
Ruta 1x, Eupharsia 6x, Calc Flour 6x,
Phosphorus 6x, Belladonna 5x, Gelsemium 3x,
Jaborandi 3x, Arnica 2x, Natr. Mur 6x.

میکٹم ٹی # ۱۱ (نظر کی کمزوری، عینک سے نجات اور آنکھوں کے تمام امراض کے لیے)

آنکھ حواس خمسہ میں اہم ترین مقام کی حامل ہے اس سے انسان دنیا کی خوش رنگی سے لطف اندوز ہونے کا اہل ثابت ہوتا ہے۔ **T-11** آنکھوں کے جملہ عوارض وتکالیف وبصری کمزوری کے علاج کے لئے اب تک بے مثال مانی گئی ہے۔ آنکھوں کی سوجن اور سرخی، بصارت کی کمی کے لئے، آنکھوں سے پانی آنے کی صورت میں، گرمی کی شدت سے آنکھیں جلنا اور دُکھنا، پلکوں کے دانے، آنکھوں کے زخم اور وبائی امراض میں حفظ ماتقدم کے طور پر بے مثال تسلیم کی گئی ہے۔ بینائی کو تیز تر بناتی ہے اور موتیا بند کے علاج کے لئے اکسیر سمجھی جاتی ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں۔

پرہیز: زیادہ باریک بینی والے کاموں سے پرہیز کرنا چاہئے نیز آنکھوں کا کام کرتے ہوئے فاصلے اور روشنی کا دھیان کرنا ضروری ہے۔

MEKTUM T12

Composition:
Alfalfa 1x, Avena Sat 1x, Gentiana Lutea 1x,
Silicea 6x, Ferrum Met 6x, Ginseng 1x,
Calc Phos 6x, China 3x.

میکٹم ٹی # ۱۲ (وزن بڑھانے کا فوری طریقہ)

وزن میں حد سے زیادہ اضافہ تو بیماریوں کا سبب بنتا ہے مگر جسمانی وزن کی کمی یا وزن کا مطلوبہ حد سے کافی کم ہونا بھی کمی خون اور جسمانی کمزوری کی ایک بڑی علامات ہوتے ہیں۔ **T-12** ان لوگوں کے لئے باران رحمت ثابت ہوتی ہے جو پچکے گال، سوکھے بدن اور جسمانی کمزوری کے باعث ہر جگہ غیر نمایاں رہتے ہیں۔ **T-12** بچوں، بڑوں، جوانوں اور بوڑھوں میں یکساں مقبولیت کا حامل ہے، خون کی کمی، بھوک کے نہ لگنے، بیماری کے وقت کی کمزوری اور وزن کے کم ہونے کی شکایت زمانہ رضاعت میں گرتے ہوئے وزن اور کمزوری، بچوں کی نشوونما نہ ہونا اور دیگر ایسی کمزوریاں جن کے باعث وزن میں کمی ہوتی جاتی ہو اور مریض کمزوری اور نقاہت کے باعث صاحب فراش نظر آتا ہو تو **T-12** ان کو دور کر کے گالوں پر صحت وتوانائی کے ساتھ گلاب کھلا دیتی ہے جو اسکی شخصیت میں بہار لے آتے ہیں۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں۔

ہدایت: غذا میں گوشت کا استعمال زیادہ کریں۔

MEKTUM T13

Composition:
Ashoka 1x, Gossypium 1x, Mag Phos 6x,
Aletris Far 1x, Pulsatilla 1x, Pinus Lab 2x,
Viburnum Opulus 1x, Apis 1x.

میکٹم ٹی #۱۳ (امراض نسواں اور قلت حیض میں زوداثر)

آج کا جدید مشینی دور جہاں پر تکلیف بیماری کا علاج فراہم کرتا ہے، وہاں بیماریوں کی اقسام اور انکے شکار میں بھی اضافہ ہوتا جارہا ہے، مثلاً خواتین میں حیض کی بیماریاں۔ آج کل 60% سے زائد خواتین ایام کی بے قاعدگیوں کا شکار ہیں۔ شباب کی علامات تبدیلیوں کا وہ پر پیچ نظام جو صنف نازک کی بنیاد ہے، اگر کسی رکاوٹ کا سامنا کرنے لگے تو یہ صنف نازک کیلئے از حد تکلیف کا باعث بن جاتا ہے۔ **T-13** بندش حیض کی شکایت کو دور کرتی ہے، لڑکیوں کے بارش میں بھیگنے، سردی لگنے، سیلان الرحم (لیکوریا)، سل یا امراض جگر یا امراض گردہ وغیرہ کی سوزش، رحم کی گردن کی نالی کا سکڑا ہوا ہونا، رحم میں پیدائشی نقص، وزن کی زیادتی کی بدولت ہونے والی سب شکایات **T-13** کے دائرہ کار میں آتی ہیں **T-13** بلا تکلیف ماہواری اور خون کے مناسب اخراج کے لئے معاون ثابت ہوتی ہے۔ **T-13** کی علامات کا دائرہ اثر درج ذیل علامات پر محیط ہے۔ خون رک رک کر آتا ہو، پاؤں بھیگنے کے باعث بندش حیض، کم خون والی لڑکیوں کا حیض وقت پر جاری نہ ہونا، ورزش سے متنفر مریضہ، کمی اشتہا کا شکار، ترش اشیاء کی طلب گار مریضہ، سر اور سینہ میں اجتماع خون، موٹی لڑکیاں جن کو با آسانی پسینہ آجاتا ہو، معدہ میں ترشی کی شکایت رہتی ہو، مریضہ پھیپھڑوں کے عوارض میں مبتلا ہو، پیشاب میں البومن خارج ہوتی ہو، دوران حیض کی شدت زچگی کے دردوں کی مانند ہو تشنج کے ساتھ تکلیف دہ حیض اخراج خون سے قبل شدید درد ہو، اُدھیڑ عمری میں حیض کی تکلیف، کڑل دار دردیں محسوس ہوتی ہوں، حصۃ الرحم پر ڈنک مارنے کی سی تکلیف محسوس ہو چلن دار درد، کمزوری اور بے چینی بہت، حیض کے دنوں میں اعصابی درد، کمزور مستورات جن کے چہرے تمتماتے ہوں یا زرد رنگ کے چہرے والی جن کی آنکھوں کے گرد نیلے حلقے پڑے ہوں، کیفین زیادہ مقدار میں استعمال کرنے والی مریضہ، جن کی جلد وجسم نرم اور رنگ سیاہ ہو، نازک مزاج لمبی اور دبلی لڑکیاں جن کی رنگت سفیدی مائل ہو، بجائے حیض کے حلق سے خون آتا ہو، وہ فربہ خواتین جن میں حیض کے بجائے زرد رنگ کا پانی نکلے یا سردی کی وجہ سے بندش حیض ہو تو **T-13** کا استعمال انکے لئے بے حد مفید ثابت ہوتا ہے اور انکے تمام بظاہر لاد وا امراض کی دوائے علاج ثابت ہوتی ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

MEKTUM T14

Composition:
Alfalfa 1x, Baryta Carb 6x, Silicea 6x,
Calc Carb 3x, Five Phos 6x, Calc Phos 6x

میکٹم ٹی #۱۴ (طویل القامتی کا مختصر راستہ، فوری قد میں اضافہ)

قد آور وپرکشش شخصیت ہر محفل میں مرکز نگاہ ثابت ہوتی ہے، قد میں اضافہ اگر معمول کے مطابق نہ ہو تو انسان ہر اعتبار سے دیگر لوگوں کے درمیان خود کو کم تر محسوس کرنے لگتا ہے۔ غدودوں کی غیر متوازن کارکردگی وراثت کے اثرات کے باعث، ضرورت سے زیادہ جسمانی وذہنی یا اعصابی مشقت ودباؤ ایسے عوامل ہیں جن کے باعث انسان کی نشوونما معمول کے مطابق نہیں ہو پاتی ہے۔

T-14 کا دائرہ کار مندرجہ ذیل علامات پر محیط ہے۔

خود اعتمادی کی کمی، ٹانسلز یا کسی اور بیماری کے سبب جسمانی نشوونما کا متاثرہ ہونا، موروثی اثر کے تحت جسمانی نشوونما کی کمی وجسمانی مشقت یا دیگر کئی ایسے عوامل جو قد کے اضافے میں رکاوٹ کا باعث بنتے ہیں۔

T-14 ان تمام مسائل کا اکسیر حل ہے اور شخصیت کو پرکشش اور نمایاں بناتی ہے، اسکا استعمال کم عمری میں مفید ترین ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں۔

پرہیز: کم از کم آٹھ گھنٹے لیٹنا ضروری ہے۔

Scanned with CamScanner

MEKTUM T15

Composition:
Causticum 12x, Equisetum 6x, Calc Phos 12x,
Cina 12x, Ferrum Phos 6x, Sepia 12x,
Belladona 12x, Acid Benz 12x, Kali Phos 6x.

میکٹم ٹی #۱۵ (بستر پر پیشاب نکل جانے کا مؤثر علاج)

رات کو سوتے یا جاگتے میں غیر ارادی طرر پر پیشاب خارج ہوجانے کی شکایت کے باعث خاص طور پر بچے اور کبھی کبھی بڑے بھی پشیمانی کا شکار ہوجاتے ہیں۔ **T-15** کمزور اعصاب اور کمزور جسم رکھنے والے مریضوں کے لئے ایک بے مثال اور گراں قدر دوا ہے۔ **T-15** کی علامات مندرجہ ذیل ہیں:

T-15 کمزور مثانے والے لڑکے اور لڑکیوں کا غیر اختیاری طور پر پیشاب نکل جانا، دن میں بلا ارادہ اخراج، اعصابی و عام کمزوری کیساتھ، سوتے ہی اخراج، بلا ارادہ اخراج کے ساتھ جنسی کمزوری اور مثانے کی کمزوری کو دور کر کے پیچیدگیوں سے انسان کو محفوظ بنا کر خود اعتمادی اور قوت کی دولت سے مالا مال کرتا ہے۔

طریقہ استعمال:- دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں۔

پرہیز بلا ارادہ پیشاب خارج ہونے کی عادت کسی اور مرض کا پیش خیمہ بھی ہوسکتی ہے۔ اس مرض کے شکار لوگوں کو ٹھنڈی اور مائع اشیاء سے خاص طور پر سونے سے قبل سخت پرہیز رکھنا لازمی ہے۔

MEKTUM T17

Composition:
Berberis Vulg 1x, Sarsaparila 3x, Solidago 3x,
Belladonna 3x, Cantharis 1x, Epigea 1x,
[illegible] Phos 6x, Hydrangea 1x

میکٹم ٹی #۱۷ (گردہ، سنگ گردہ مثانے کے جملہ امراض کے لیے اعلیٰ ترین مرکب)

گردے اپنے معمول کے برخلاف فعل انجام دینے لگیں تو انسان کی کیفیت انتہائی کربناک اور پیچیدہ نظر آنے لگتی ہے۔ **T-17** گردوں کا رکردگی کو معتدل رکھنے کے لئے ایک بہترین طریقہ علاج ہے، اگر خون میں موجودہ فاسد مادوں کا اخراج گردوں کے ذریعے ممکن نہ ہو تو گردوں میں ورم پیدا ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ پتھری اور شدید درد کا آغاز ہوجاتا ہے اور گردوں میں پیپ بھی پڑسکتی ہے۔ **T-17** گردوں کی خرابی سے چہرے یا آنکھوں پر آنے والی سوجن، کمزوری شدید پیاس، کم پیشاب، سخت جلن دار پیشاب، سیاسی مائل دھوئیں کے رنگ کا پیشاب، خونی پیشاب الغرض یہ کہ نہ صرف مندرجہ بالا کیفیات میں بلکہ ہر گردہ یا مثانہ کی تکلیف یا پتھری ہونے کی شکایت کو رفع کرنے میں مجرب ترین نسخہ ہے، بلکہ ایک بار پتھری پیشاب کے ساتھ خارج ہوجانے کے بعد **T-17** میں شامل اجزاء آئندہ پتھری بننے سے روکتے ہیں اور یہ دیگر مسائل سے محفوظ رکھنے کے لئے آزمودہ بے مثال مرکب ہے۔ اس کے باعث از سر نو گردے، مثانے اپنے افعال کی ادائیگی کے لئے مستعد ہوجاتے ہیں۔

طریقہ استعمال:- دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں۔

پرہیز ذیابطیس اور ہائی بلڈ پریشر گردوں کے بیرر کھتے ہیں۔ نیز پانی کا استعمال معالج کی ہدایت کے مطابق کریں البتہ ناریل کا پانی اکثر حالات میں مفید اور نمک، ٹماٹر، پالک، کیلا ضرر رساں کہلاتے ہیں۔

MEKTUM T16

Composition:
Asafoetida 3x, Abies Can 3x, Graphites 3x,
Calc Carb 6x, Fucus 1x, Phytolacca Berry 3x,
Helianthus 1x, Natr. Sulf 6x.

میکٹم ٹی #۱۶ (موٹاپے اور پیٹ کی چربی سے بے ضرر نجات)

کائنات کی بقاء کا راز اس کے توازن میں مضمر ہے۔ کسی بھی شئے کی مقدار میں فرق آجانے سے کائنات کا توازن بگڑ کر کئی مسائل کو جنم دیتا ہے۔ **T-16** مٹاپے کو جو جسم میں چربی کی زائد مقدار موروثی اثر کے تحت یا بسیار خوری، ورزش اور محنت میں کمی کے باعث جنم لیتا ہے اس کو تحلیل کر کے جسم کو متناسب، چست و سڈول بناتی ہے۔ **T-16** موٹاپے کے باعث پیش آنے والے امراض یعنی بلند فشار خون، دل کی تکالیف، گردوں کی تکالیف، دمہ اور فالج وغیرہ سے بچاؤ میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ وہ لوگ جو ہمیشہ خود کو جوان اور متناسب رکھنے کے خواہاں وزن کی زیادتی کے باعث چڑچڑے پن یا عدم اعتماد کے شکار لوگ **T-16** کو ایک گراں قدر اکسیر نسخہ جان کر کسی مضر اثر کے خطرے سے بے خوف ہوکر استعمال کر کے نہ صرف اپنے وزن کو اعتدال میں لائیں، بلکہ خود اعتمادی کے ساتھ دوسروں کو بھی اس تحفہ سے بہرہ ور کریں جو **T-16** کی صورت میں آپ کے لئے پیش خدمت ہے۔

طریقہ استعمال:- دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں۔

پرہیز تلی ہوئی، میٹھی اشیاء سے دُوری اور پھل، سبزیوں کا زیادہ استعمال بہتر ہے۔

MEKTUM T18

Composition:
Baryta Carb 6x, Belladonna 3x, Calc Iod 3x,
Kali Bich 3x, Merc Sol 6x, Phytolacca 3x,
Kali Mur 6x, Merc Cyn 6x, Aconite 3x,
Merc Iod Rub 3x, Merc Iod Flav 3x.

میکٹم ٹی #۱۸ (بڑھے ہوئے ٹانسلز اور گلے کی خرابی کے لیے بہترین دوا)

ہر جاندار مخلوق کی غذاء سب سے پہلے گلے کے ذریعے جسم میں داخل ہوتی ہے۔ اگر کسی مرض سے یہ متاثر ہوجائے تو مرغوب ترین غذا بھی تکلیف کا باعث بن جاتی ہے۔ گلے کی عام تکالیف جن میں سوزشِ حلق، خناق، گلے کا درد، خراش، ٹانسلز کا بڑھنا، گلے کی سوجن کی وجہ سے بخار، آواز کا بیٹھ جانا، ٹانسلز کے بڑھ جانے کی وجہ سے قد کا چھوٹا رہ جانا، حلق کے غدود کی سوجن جس کے باعث غذا نگلنا دشوار ہوجائے، حلق خشک اور بہت دکھتا ہو، مریض بار بار نگلنے کی کوشش کرتا ہو یا حلق میں بلغم جمع رہتا ہو تو **T-18** ان تمام تکالیف کا مکمل احاطہ کرتی ہے۔ **T-18** تکالیفِ حلق کے لئے انتہائی اعلیٰ دوا ہے، جو حلق کے امراض میں اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔

طریقہ استعمال:- دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں۔

پرہیز کھٹی اشیاء اور سرد مشروبات مضر ہیں۔ نمک ملے نیم گرم پانی کے غرارے مفید ہیں نیز پانی و دیگر نیم گرم مشروبات کا استعمال لازم ہے۔

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM T19

Composition:
Conium 6, Cocculus 6, Ferrum Met 6,
Bryonia 3x, China 6x, Arg Nit 6x, Spigelia 6x.

میکٹم ٹی # ۱۹ (چکر آنا اور نقاہت کے سبب سر چکرانے کی بہترین دوا)

سر کا چکرانا بظاہر شدید مرض میں عام علامت نظر آتا ہے، مگر یہ مریض کی اہم اور مرکزی شکایت ہی بن جائے تو صورت حال تشویشناک ہو جاتی ہے۔ **T-19** کثرت شراب نوشی، کثرت تمباکو نوشی اور دیگر منشیات کا استعمال، اندرونی کان کی خرابی، رطوباتِ جسمانی کا اخراج، مرگی اور دیگر اعصابی امراض سر پر چوٹ لگنا، جگر کی خرابی، ہائی بلڈ پریشر یا کسی بھی وجہ سے لاحق ہونے والے اس عارضہ کو حل کرنے کے لئے ایک بے بہا گراں قدر نسخہ ہے۔ **T-19** منشیات کے استعمال کے بعد چکر، چڑچڑے مریض، مرغن غذاؤں کی زیادتی سے چکر، عمر کی زیادتی کے ساتھ چکر، کمی خون کے چکر، سواری میں چکر، رطوبات جسمانی کے ضائع ہونے سے چکر، دماغی کمزوری یا محنت سے چکر آنے کی صورت میں الغرض صدہا قسم کے سر چکرانے کی شکایات **T-19** کے دام میں بے دم ہو جاتی ہیں اور مریض کے لئے چستی اور توانائی کا مخزن ثابت ہوتی ہیں۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں۔

پرہیز: جگہ تبدیل کرتے ہوئے یعنی بستر یا کرسی سے اُٹھتے ہوئے حرکت آہستگی سے کریں، زود ہضم غذا استعمال کریں۔

MEKTUM T21

Addonis 1x, Convallaria [illegible]
Valeriana 1x, Strophanthus 1x.

میکٹم ٹی # ۲۱ (لو بلڈ پریشر، دل کی تمام تکالیف کا کامیاب علاج)

جس طرح سے فشار خون کی زیادتی نقصان کا سبب بنتی ہے اسی طرح فشار خون میں کمی بھی خرر رساں ہو جاتی ہے کیونکہ یہ کیفیت بسا اوقات جان لیوا بھی ثابت ہو سکتی ہے۔ **T-21** شدید صدمہ، سر چکرانے، ناتوانی میں شوگر کی مقدار کم ہو جانے، لمبی بیماری کے باعث حرارت میں کمی، ہارمون کی خرابی کافی دیر کھڑے رہنے سے فشار خون کا گر جانا، زمانہ حمل میں یا ایام حیض فشار خون میں کمی، عمر میں اضافہ کے ساتھ فشار خون کا گرنا، مریض کی تھوڑی سی محنت سے تھکن، چھوٹے یا بڑے جوڑوں کے درد کو دور کر کے قلب کو معتدل رکھتی ہے اور امراض قلب گردہ وشاک وغیرہ سے بحکم ربی محفوظ رکھتی ہے۔

T-21 جسم ٹھنڈا ہو، حرارت کی کمی، چکر، نبض تیز، کمزور اور حرکت کی سکت نہ ہونے کی صورت میں یہ قلب کے لئے تقویت بخش مرکب ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: زود ہضم غذا تھوڑی مقدار میں مختصر وقفوں سے استعمال کریں۔

MEKTUM T20

Composition:
Berberis Aquif 1x, Asterias Rub 1x, Calc Sulf 6x,
Belladonna 6x, Hydrocotyle 1x, Pulsatilla 3x,
Ant Crud 6x, Thuja 3x, Sulfur 4x.

میکٹم ٹی # ۲۰ (کیل مہاسے، جھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا موثر علاج)

عہدِ شباب جہاں لڑکے اور لڑکیوں کے لئے مسرت اور شادمانی کا دور ہوتا ہے وہیں بعض اوقات غدودوں کے فاسد مادوں کے زائد اخراجات کے باعث فکر و پریشانی کا باعث بن جاتا ہے۔ **T-20** ان تمام مسائل کا مؤثر ترین حل ہے۔ جس سے نہ صرف نوجوان ہی نہیں بلکہ بڑی عمر کے لوگ بھی استفادہ حاصل کر کے اپنی جلد کو شاداب بنا سکتے ہیں۔ **T-20** چہرے پر کیل مہاسے، ان میں ورم، خارش، جلن، ہاضمے کی خرابی بلخصوص جگر کی ناقص کارکردگی، چہرے پر نمودار ہونے والی جھائیاں اپنی یادگار چھوڑ کے جانے والے دانے جو خشک ہو گئے ہوں کو اس طرح رفع کر دیتی ہے گویا ان کا کبھی وجود ہی نہیں تھا، اور اس کا باقاعدہ استعمال پھر کبھی جھائیوں، کیل مہاسوں اور دانوں کو قریب بھٹکنے بھی نہیں دیتی اور آپ کو بے داغ و پرکشش شخصیت کا حامل بناتی ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: سبزی اور پھل اولین ترجیح ہونی چاہیے، پانی کم از کم ۱۲ سے ۲۰ گلاس روزانہ استعمال کریں اور قبض نہ ہونے دیں۔ عبادت خضوع و خشوع سے کریں۔ سفید چینی اور چھنے ہوئے آٹے سے بنی اشیاء صحت کی دشمن ہیں

MEKTUM T22

Compo[illegible]
Passiflora 1x, Avena Sativa Cotex 1x,
Ignatia 6x, Humulus Lup 2x, Kali Phos 6x,
Chamomilla 6x, Valeriana 1x, Zincum Met 6x.

میکٹم ٹی # ۲۲ (سستی دور کرنے میں بہترین، بے خوابی کا علاج)

ایک مصروف اور تھکا دینے والے دن کے بعد رات کا آغاز انسان کو سب مسائل سے بے نیاز کر کے آنے والے دن سے نبرد آزما کرنے کے لئے چاق و چوبند کر دیتا ہے۔ مگر رات کو نیند کی دیوی روٹھ جائے تو آنے والے دن سے مقابلہ آرائی کی ہمت دم توڑ دیتی ہے۔ **T-22** عمر میں اضافے کے ساتھ ساتھ نیند کے دورانیے میں کمی تو واقع ہوتی ہے مگر یہ کمی وقت سے پہلے اور ضرورت سے زیادہ ہو جاتے تو ایک تشویشناک امر ہے۔ **T-22** بے خوابی رات کے وقت چڑچڑاہٹ، بیداری، آدھی رات کو نیند کا تسلسل ٹوٹ جائے تھکن اور سر درد کے لئے بے کو نیند نہ آنیکی صورت میں، بچوں کا سر گرم اور پاؤں ٹھنڈے ہوں، نیند میں ڈر کر اٹھ جانے کی صورت میں، چائے، شراب، کافی، تمباکو اور ایسے ہی دیگر محرک اشیاء کے استعمال سے بے خوابی کی شکایت کے باعث مریض چڑچڑاہٹ کا شکار ہو شادی مرگ کی کیفیت یا رنج و غم میں رات بھر ٹھنڈی سانسیں لینا، تفکرات اور دماغی کام کرنے والوں کی بے خوابی، جسمانی تھکن کے باعث نیند کی آنکھوں سے دوری **T-22** کے ذریعے آپ کو بستر پر لیٹنے کے بعد ہی تمام تفکرات سے آزاد کر کے اگلی صبح تازہ دم کر دیتی ہے۔ **T-22** میں کوئی ضرر رساں اجزاء شامل نہ ہونے کے باعث رفتہ رفتہ مریض کی شکایت رفع ہو کر مثبت نتائج سامنے آتے ہیں۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: تمباکو، چائے، کافی وغیرہ کم استعمال کی جائے، سونے سے پہلے ہلکی غذا اور دودھ کا استعمال کیا جائے۔

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM T23

Composition:
Aconite 1x, Belladonna 3x, Chimaphilla 1x,
Conium 3x, Poppulus 3x, Praira Brava 1x,
Pulsatilla 3x, Sabal Serr 1x, Solidago 3x.

میکٹم ٹی #۲۳ (مثانے کی کمزوری، پروسٹیٹ کا بڑھ جانا، غدودوں کی سوجن کا بے مثال علاج)

پراسٹیٹ گلینڈ کا مرض ایک بار کسی کو ہو جائے تو اس کی زندگی ایک تکلیف دہ عمل سے دوچار ہو جاتی ہے۔ مردوں میں مثانہ کی گردن پراخروٹ کے برابر حلقہ نما گول غدود ہوتا ہے، جو بڑھاپے میں عام طور پر بڑھ جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے پیشاب رک رک کر آتا ہے۔ دھار کی صورت میں خارج ہونے کی بجائے تھوڑا تھوڑا ٹپکتا ہے۔ اور بعض وقت بالکل بند ہو جاتا ہے۔ نیز غدود یا مذی کی گلٹی کو پراسٹیٹ گلینڈ کہتے ہیں۔ **T-23** کے متوازن فارمولے نے پراسٹیٹ گلینڈ کی شکایات کو حیرت انگیز حد تک اپنی اثر انگیزی سے ختم کر کے مریض کو شفاء سے ہمکنار کیا ہے۔

T-23 کا دائرہ اثر مندرجہ ذیل علامات میں انتہائی کارگر ثابت ہوا ہے۔

مثانہ کی کمزوری، پراسٹیٹ کا بڑھ جانا، قطرہ قطرہ پیشاب آنا، غدودوں کی سوجن، پیشاب کم یا بند ہونے کی شکایت پیشاب کرتے وقت تیز چبھتا ہوا درد، رات کو بار بار پیشاب کی حاجت، پیشاب بلا ارادہ نکل جائے، متواتر حاجت، مثانہ کا درد اور پیشاب میں جلن ہو تو **T-23** کے استعمال سے مرض دور اور مریض شفاء کی طرف گامزن ہو جاتا ہے۔

طریقہ استعمال:۔ دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز:۔ بڑا گوشت تلی ہوئی چیزیں اور ٹھنڈے مشروبات سے پرہیز کریں، خصوصاً شام کے بعد پانی پیاس کے مطابق استعمال کریں اور حاجت محسوس ہونے پر موخر نہ کریں۔

MEKTUM T25

Composition:
China 6x, Ipecac 6x, Arsenic 6x, Kurchi 1x,
Ferr Phos 6x, Nat Sulf 6x, Merc Cor 6x,
Podophyllum 3x, Veratrum Alb 3x.

میکٹم ٹی #۲۵ (دست اور پیش کا فوری خاتمہ)

روزمرہ کے افعال کی ادائیگی کے لئے متوازن غذا کا استعمال اور اسکا بہترین انہضام ہونے کے بعد جزو بدن ہونا ایک ناگزیر فعل ہے۔ نظام ہاضمہ اگر درست نہ ہو یا آنتوں میں ورم ہو تو دست آنا شروع ہو جاتے ہیں جو قوت جسمانی کو نچوڑ کر رکھ دیتے ہیں۔ **T-25** بلا امتیاز ہر عمر کے لوگوں کا اولین انتخاب ہے۔ جو ہاضمہ کی فوری اور دیرپا درستگی کے خواہاں ہوتے ہیں، یہ ہر قسم کے دست میں تریاق ثابت ہوتی ہے۔ **T-25** کثرت سے پانی کی طرح آنے والے دست، سفید مٹی یا چاک کی طرح دست خواہ انکی رنگت سیاہ ہو یا زرد یا سبزی مائل یا زردی مائل، بلا ارادہ دست خارج ہونے کی صورت میں، پیٹ کے پھولنے میں، خشک و سرد ہوا، غصہ، غم یا خوف، دبے ہونے کے باعث دست، ماہواری سے پہلے یا بعد میں آنے والے دست، بلا تکلیف پانی جیسے، غیر ہضم شدہ غذا والے دست زیادہ عمر کی عورتوں میں دل کی دھڑکن میں اضافے کے ساتھ دست، بچوں میں اجابت کے ساتھ دہی کی طرح جمے ہوئے ٹکڑے، غدود بڑھ جانے کے باعث دست، خاص طور پر بچوں کو آنے والے دست جو دانت نکلنے کے زمانے میں بچوں کو بالکل نڈھال بنا دیتے ہیں۔ **T-25** کے باعث بچے ہر ایک کے لبوں پر مسکراہٹ بکھیر دینے والی شراتوں کی طرف واپس لوٹ آتے ہیں، نیز وہ لوگ جو آنتوں کی سوزش کا شکار ہوں **T-25** کے استعمال سے اپنے ہاضمے کو مستعد بنا سکتے ہیں۔

طریقہ استعمال:۔ دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز:۔ باسی اور مرغن غذاؤں سے پرہیز کیا جائے۔ تازہ اور سادہ غذا استعمال کی جائے۔

MEKTUM T24

Composition:
Aconite 3x, Ant Tart 3x, Kali Bich 3x,
Bryonia 3x, Ammo Carb 6x, Belladonna 3x,
Cup Acet 6x, Drosera 1x, Ipecac 1x,
Spongia 3x, Sticta 3x, Ferr Phos 6x.

میکٹم ٹی #۲۴ (کالی کھانسی، خشک کھانسی، برانکائٹس کی تکلیف میں راحت)

سانس کی آمدورفت حیات کی ڈور باندھے رکھتی ہے اگر اس آمدورفت میں خلل یا رکاوٹ پیدا ہو تو کھانسی اپنے جال میں انسان کو جکڑ لیتی ہے، کھانسی بذات خود کوئی بیماری نہیں ہے۔ بلکہ عام طور پر یہ سانس کی نالی کی پوزش کی علامت ہے۔ **T-24** ہر قسم کی کھانسی، نزلہ و زکام، پھیپھڑوں کی تکالیف اور سانس کی نالی کی سوزش کو دور کر کے آپ کو زندگی کی مسرتوں سے ہم آہنگ کرتی ہے۔ **T-24** ہر قسم کی کھانسی، مثلاً کالی کھانسی، خشک کھانسی، بلغمی کھانسی، سرد ہوا لگنے سے کھانسی، کھانسی کے ساتھ بخار، پیاس، بے چینی وغیرہ بولنے سے کھانسی خشک کھانسی کے ساتھ ساتھ ہاتھ پاؤں میں جلن ہسٹریا بچوں میں دانت نکلنے کے زمانے میں پھیپھڑوں کی نالیوں کی سوزش، مریض جن پر رنج و غم کے اثرات ہوں، کھانسی کے ساتھ ساتھ سفید دودھیا پیشاب، تمباکو نوشی، چڑچڑے مزاج والے مریض، چھاتی میں بلغم بہت پیدا ہو، نمونیا اور برانکائٹس کے بعد رہ جانے والی کھانسی، رات کو بستر سے ہاتھ نکالنے کی صورت میں کھانسی، سبز رنگ کے بلغم کا اخراج ہو الغرض کھانسی کی بے پناہ اقسام ہیں جن کو اسیر بنانا فقط **T-24** کا ہی کام ہے کہ جس کے استعمال سے مریض ہر قسم کی کھانسی کے جھنجھٹ سے آزاد ہو کر اپنے رات اور دن کے مشاغل بے فکری سے انجام دے سکتا ہے۔

طریقہ استعمال:۔ دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز:۔ تمباکو نوشی انتہائی مضر گرم مشروبات مع شہد اور پھل استعمال کرنا مفید ہے۔

MEKTUM T26

Composition:
China 1x, Filix Mas 2x, Mag Phos 3x,
Nat Phos 3x, Tenacetum Vulg 2x.

میکٹم ٹی #۲۶ (پیٹ کے کیڑوں کے خاتمہ کی بہترین دوا)

T-26 پیٹ میں کیڑے جو مٹی میں ننگے پاؤں گھومنے سے مقعد کو ناخنوں سے کھجانے سے، آلودہ غذا اور پانی کے ذریعے اور مٹی کھانے کی عادت سے شروع ہو جاتے ہیں کو دور کر کے مریض کی استعمال کردہ غذا کو اسی کا جزو بدن بناتی ہے اور اُسکی بے چینی دور کرنے کا ایک تسلی بخش سبب بنتی ہے۔ **T-26** آنکھوں کے اطراف سیاہ یا نیلگوں حلقے پھولا ہوا بڑا پیٹ، سر بڑا، قے اسہال، مٹی کھانے والا مریض، پاخانے کی جگہ خارش، پیشاب سفید، ناک ملنا، ناف کے پاس درد، ناک یا ناف میں انگلی گھمانا، قبض، ہر وقت کھاتے رہنے کی خواہش کے باوجود کمزوری یا بھوک بالکل نہ ہونا، مریض کا الٹے لیٹنے کو ترجیح دینا، بچوں میں، بے چینی، کھانسی یا بستر میں پیشاب بچوں کی چاک، دیواروں کا رنگ سیمنٹ وغیرہ کھانے کی خواہش ہونے کی صورت میں بلا تاخیر **T-26** کا استعمال شروع کرا کے انکو رات کی پرسکون نیند اور دن کو لطف اندوز اس غذا سے کرائیں جس کی افادیت انکے خون کا جزو بن کر ظاہر ہو۔ **T-26** کے باعث کیڑے خود بخود آنتوں سے مفقود ہو کر مریض کو لذت کام و دہن سے مستفید ہونے کے لئے آزاد کر دیتے ہیں۔

طریقہ استعمال:۔ دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز:۔ صفائی کا خیال رکھا جائے۔ رفع حاجت کے بعد صابن سے ہاتھ لازمی دھوئیں اور ناخنوں کو برش کریں۔ شکر کے بجائے شہد کے استعمال کو ترجیح دیں۔

معیاری ادویات --- میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM T27

Composition:
Acid Phos 6x, Jaborandi 3x, Nat Mur 6x,
Pix Liquid 6x, Sepia 6x, Thuja 6x,
Vinca Minor 3x.

میکٹم ٹی # ۲۷ (بالوں کا گرنا، سفید ہو جانا، خشکی کی شکایت کا فوری خاتمہ)

عورت ہو یا مرد اسکی خوبصورتی میں بالوں کا بے حد عمل دخل رہتا ہے۔ بال خواہ کسی بھی وجہ سے گرنا شروع ہوں اور آپ کے لئے فکرمندی کے دروازے وا کر جاتے ہوں تو **T-27** کے باقاعدہ استعمال سے نہ صرف بالوں کا گرنا رک جاتا ہے بلکہ نئے بالوں کی افزائش بھی شروع ہو جاتی ہے۔ **T-27** بالوں کے گرنے کی ہر صورت میں تمام عمر کے فرد کی اولین ترجیح ہے، بال خواہ سر کی خشکی یا بھوسی اُترنے کی شکایت کے سبب گرتے ہوں یا غدودوں کی رطوبت کے خلل کے باعث خون کی کمی کیمو تھراپی یا ریڈیو تھراپی، کسی جلدی بیماری، کمزوری یا غیر متوازن غذا کے استعمال سے گرتے ہوں۔

T-27 آپ کو جشن بہاراں کا نغمہ جانفزا سناتی ہے۔ **T-27** کی علامات مندرجہ ذیل ہیں:
سر کے بال، مونچھوں، داڑھی، پلکوں حتیٰ کے پورے جسم سے یا کسی ایک جگہ سے بالوں کا گرنا، کنگھی کرنے یا چھونے سے، عام طور پر دودھ پلانے والی عورتوں کے بال گرنا، عام کمزوری، غم کے بداثرات، وضع حمل یا شدید بیماری کے باعث بالوں کا گرنا سر پر خشک اور چھلکے گول گول ٹکڑے، پرانے درد، یا سر درد کی شدید کھجلی میں بالوں کا گرنا نیز داڑھی اور مونچھوں کے بالچر میں مجرب ترین دوا ہے جو آپ کی زلف گھنیری کو شب اماوس میں تبدیل کر دیگی۔

MEKTUM T28

Composition:
Baptisia 3x, Aconite 6x, Eupatorium Perf 3x,
Gelsemium 1x, Ferrum Phos 6x, Rhus Tox 6x,
Belladonna 1x.

میکٹم ٹی # ۲۸ (ہر قسم کے بخار کے علاج کی کامیاب دوا)

حرارت ہمارے بدن کے مدافعتی نظام کا ایک مؤثر ہتھیار ہے مگر 98-100oF سے تجاوز کرنے کے بعد یہ خطرے کا الارم ہو جاتا ہے ہومیوپیتھی انسان کی قوت مزاحمت میں اضافہ کرتے ہوئے بخار کو کم کرنے میں معاون و مددگار ثابت ہوتی ہے۔ **T-28** بخار میں جسم کے لئے معاون ثابت ہوتی ہے اور بخار جن بیماریوں سے نبرد آزما ہوتا ہے انکے لئے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوتی ہے۔ **T-28** خشک اور سرد ہوا لگ جانے سے، پسینہ رک جانے سے خوف کی وجہ سے گر جانے یا زخمی ہو جانے کی وجہ سے، کیموتھراپی کے باعث، جسم سے خون نکلنے کی صورت میں باری سے بخار آنے والے یا باقاعدہ بخار کی صورت میں، کونین کے غلط استعمال کی وجہ سے بخار، مرطوب موسم میں آنے والا بخار، ہڈی توڑ بخار، غذا کی بے قاعدگی کے سبب بخار، زچگی کے بعد کا بخار، ہر قسم کا بخار، خاص کر ٹائفائیڈ کا بخار، اسکے علاوہ شدید بخار میں بے چینی کا احساس ہو تو **T-28** ہی ان پریشانیوں کا حل ہے۔

طریقہ استعمال:۔ دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: بخار کی صورت میں چکنائی اور ٹھنڈے پانی سے پرہیز کریں۔

MEKTUM T29

Composition:
China 1x, Ceanothus 1x, Alfalfa 1x,
Nat Mur 3x, Ferr Phos 3x, Lecithin 3x,
Ferr Met 3x.

میکٹم ٹی # ۲۹ (بھوک نہ لگنے کی بہترین دوا)

T-29 جسم زندگانی کی سینچائی کیلئے خون کی روانی برقرار رکھتا ہے۔ **T-29** کا دائرہ کار درج ذیل علامات پر محیط ہے:
بھوک کا نہ لگنا، مریض کا چہرہ زرد ہو، غذا کھانے کے بعد قے ہو جائے، ہاتھ، پیروں پر سوجن، ایلوپیتھک علاج کے دوران فولاد کا بکثرت استعمال، ماہواری کی خرابی، رطوبت جسمانیہ کے ضائع ہو جانے سے (مثلاً اخراج خون، دودھ پلانا، پرانے اسہال، مادہ منویہ کا زیادہ نکلنا) کانوں میں گھنٹیاں بجنا، ڈٹ کر کھانے کے باوجود بھی مریض پنپ نہ پاتا ہو، چہرے کا رنگ زرد موم کی مانند اور نمک کے کھانے کی خواہش شدید ہو تو ایسے میں **T-29** جسم میں خون کی ندیاں دوڑاتا ہے۔

طریقہ استعمال:۔ دس سے پندرہ قطرے تھوڑے پانی میں دن میں تین سے چار بار استعمال کریں۔

پرہیز: متوازن غذا کا استعمال لازم رکھیں۔

MEKTUM T30

Composition:
Bryonia 1x , Hydrastis 1x, Nux Vomica 2x,
Opium 6x.

میکٹم ٹی # ۳۰ (قبض کا مؤثر ترین علاج)

غذا کا استعمال اور اسکے بعد فاسد اور غیر ضروری مادوں کا اخراج قانون قدرت ہے۔ مگر بعض اوقات یہ فعل دائمی طور پر متاثر ہو جائے تو طبیعت میں بھاری پن کا باعث بنتا ہے اور قبض کی شکایت ہو جاتی ہے۔ **T-30** ہر قسم کے قبض لاحق ہونے والی وجوہات سے نبرد آزما ہونے کیلئے بھرپور صلاحیتوں کی حامل ہے اور جلاب آور ادویات کی طرح فوری طور پر نہیں مگر دیرپا اثر کے ساتھ قبض جیسے غیر تشفی بخش مرحلے کو دور کرتی ہے۔ قبض خواہ مرغن غذا کے استعمال سے ہو یا پانی کی کم مقدار کے سبب، چائے، شراب، کافی یا حقہ نوشی کے بکثرت استعمال سے زیادہ محنت والے کام کرنے سے جی چرانے والے لوگوں کے بیٹھے رہنے کی عادت، زمانہ حمل میں لاحق ہونے والی قبض، کمر کو کس کر باندھے رکھنے کی عادت کے باعث یا جلاب آور ادویہ کے بکثرت استعمال سے، بچوں کے دانت نکلنے کے زمانے میں قبض الغرض کوئی بھی سبب ہو **T-30** ہر مسئلے میں موزوں ترین ہے۔ **T-30** درج ذیل علامات کی صورت میں بہترین نتائج مرتب کرتی ہے۔ پاخانہ کی حاجت بار بار ہو لیکن کھل کر نہ ہو، چڑچڑا پن، مقصد میں جلن اور تپش کا محسوس ہوتے رہنا، پاخانہ کی خواہش کا مفقود ہونا، مریض کو غنودگی محسوس ہو، منہ سے مقصد تک خشکی کا احساس، خشک پاخانہ، بچوں کو قبض، حاملہ عورتوں کی قبض، زچگی کے بعد قبض، سیاح اور ترک وطن کرنے والے اصحاب کی قبض یا نقاہت کے شدید احساس کیساتھ قبض کے لئے **T-30** ایک لاثانی نسخہ ہے۔

طریقہ استعمال:۔ دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: ہلکی پھلکی ورزش اور سیر کو معمول بنائیں، پانی کا استعمال زیادہ کریں اور بغیر چھنے آٹے کی روٹی استعمال کریں۔ تازہ پھل اور سبزیوں کو ترجیح دیں۔

Scanned with CamScanner

MEKTUM T31

Composition:
Belladona 3x, Jaborandi 3x, Nat Mur 6x,
Salvia Off 1x.

میکٹم ٹی # ۳۱ (پسینے کی زیادتی کی کامیاب دوا)

پسینہ، جو جسم سے خارج ہو کر درجہ حرارت کو معتدل رکھنے کا سبب بنتا ہے یہ مقدار اگر ضرورت سے زیادہ ہو جائے تو نقاہت کے ساتھ ساتھ الجھن اور شرمندگی کی بھی وجہ بنتی ہے۔ T-31 پسینہ کی زائد مقدار کے اخراج، الغرض، بخار کے باعث پسینے کی زائد مقدار، بندش حیض کے دوران گرمی کا احساس اور بکثرت پسینے، بدبودار پسینے کی زیادتی کی کوئی بھی وجہ ہو جو آپ کے اعتماد میں کمی کرتی ہو تو T-31 کے باعث یہ آپ کے قریب بھی نہ پھٹکے گی۔ گرمی کے احساس کے ساتھ، بدبودار پسینہ، سوتے میں پسینہ، ہر قسم کا بکثرت پسینہ، نقاہت کا احساس، گرمی کی ہواؤں کے احساس کے ساتھ پسینہ، بیماری کی حالت میں شدید پسینہ، ماہواری ختم ہونے کے دور میں پسینہ یا صفرا کی زیادتی کے باعث آنے والا پسینہ ہو تو T-31 آپ کی شکایت کو رفع کر کے بدبودار پسینے کے باعث دیگر افراد کے درمیان آپ کو ایک نئے اعتماد اور ولولے کے ساتھ متعارف کراتی ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: تیزابیت والی خوراک استعمال نہ کی جائے۔ پانی کا استعمال بکثرت کیا جائے۔

MEKTUM T33

Composition:
Apis Mel 3x, Belladonna 3x, Hepar Sulf 6x,
Phytolacca 1x, Kali Bich 3x.

میکٹم ٹی # ۳۳ (سوزش اور سوجن کی بہترین دوا)

سوزش ایک اہم مرض جو جسم کے حصہ میں کسی بیماری کی بنیاد بن سکتی ہے، سوزش پہلے پہل تو جسم کے مدافعتی نظام کا ردعمل نظر آتی ہے۔ مگر آخر کار سوزش کسی عضو کو ناکارہ بھی بنا سکتی ہے۔ T-33 جسم کے کسی بھی حصے پر پیپ اور سوجن یا سوزش والی سوجن، غدودوں کی سوجن، تیز جراثیمی حملہ اور تیز بخار، دماغی جھلیوں کی سوزش، آنکھ کی بیرونی تہہ، حلق کی سوزش، گردن توڑ بخار، حلق کے اندر کی سوزش حلق میں شدید درد ٹانسلز، سرخ بخار، اندرون کان کی سوجن، آنکھ آنا، آنکھ کی بیرونی تہوں کی سوجن، دماغی جھلیوں کی سوجن، جبڑوں یا دانت کے جڑ کی سوجن، فوطوں کا ورم، سینے کا ورم، اپنڈی سائٹس، عورتوں کے اندرونی غدودوں کا ورم، کیڑے مکوڑوں کے کاٹنے کے اثرات، ہلکے پھلکے کیمیکل کے ردعمل غرضیکہ ہر سوجن کے لئے T-33 کارگر اور موثر ترین مانی جاتی ہے۔

T-33 کا دائرہ اثر درج ذیل ہے۔

رطوبت زدہ سوجن و سوزش، سوجن کے ساتھ تیز بخار، ہریالی کیفیت، سوجن کے ساتھ چپکتا ہوا پسینہ، پرانی بیماریوں کے باعث سوئے ہوئے غدود، بچوں میں غدود کا بڑھ جانا، سوجن کی وجہ سے عارضہ قلب، ٹانسلز بچوں اور بڑوں میں، ناک، حلق اور زخرے سے چپکنے والی رطوبت، حلق اور ٹانسلز میں سیاہی مائل سرخی اور ورم ہو تو T-33 باقاعدہ استعمال کر کے ان تمام شکایات کو رفع کر کے مریض پہلے سے زیادہ چاق و چوبند ہو سکتا ہے اور مریض یقیناً T-33 کی جادوانی کا قائل ہو جائیگا۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: چکنائی سے مکمل پرہیز کیا جائے۔

MEKTUM T32

Composition:
Arnica 1x, Calc Flour 6x, Kali Phos 6x,
Rhus Tox 1x, Gnaphalium, Acid Oxalic 6x,
Cimicifuga 3x, Vertebra Lumb 6x.

میکٹم ٹی # ۳۲ (کمر کے درد کا مضبوط علاج)

درد کمر جو آپکے شانوں کو یوں جھکا دیتا ہے گویا صدیوں کے مریض ہوں یا احساس کمتری کا شکار ہوں۔ T-32 درد کمر کی بیشمار وجوہات کو اپنی آہنی گرفت میں بے دم کر دیتی ہے۔ مثلاً بھیگنا اور گرم سرد ہوا، سرد خشک ہوا لگنا، کمر پر چوٹ لگنا یا وزن اٹھانا، کمرے کے عضلات اور پٹھوں کی کمزوری کے باعث درد، غلط انداز نشت، وبر خاست، اینٹھن اور عضلات و جوڑوں کے گٹھیا سے ہونے والے درد کمر، بخار، جگر و پتہ اور گردوں و پھیپھڑوں کے عوامل، نسوانی خرابیوں و بیماریوں کے باعث کمر درد، حاملہ عورتوں کا کمر درد، زچگی کے بعد کمر کا درد، گردوں کی پتھری اور عرق النساء کے باعث کمر درد، جلق اور کثرت مجامعت کے باعث ہونے والے کمر درد کو دور کر کے آپ کو سینہ تان کر چلنے کی قوت فراہم کر کے آپ کو نئی شان اور توانائی عطا کرتا ہے۔ T-32 مندرجہ ذیل صورتوں میں بھی بے مثال ہے

سرد درد ہوا لگنے سے کمر درد، شدید بے چینی، خوف، گھبراہٹ اور تیز بخار، کمر پر چوٹ لگنے سے کمر درد گرم سرد ہونے سے درد، حرکت کرنے سے شدید درد، مرطوب موسم میں کمر درد کا حملہ، بوجھ اٹھانے زیادہ جسمانی مشقت کرنے سے کمر درد قبض اور چڑچڑے پن کے ساتھ کمر درد، بواسیر میں کمر کا درد وجع المفاصلی دردوں کے باعث کمر درد، رحم کی تکالیف کے ساتھ کمر درد ماہواری کے دوران کمر درد۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: نرم گدوں پر سونے کی عادت کو ترک کر دیں، کروٹ سے سوئیں، وزن کو حد سے زیادہ نہ بڑھنے دیں، ورزش کی عادت اختیار کریں۔ تنگ اور اونچی ایڑی کے جوتے چھوڑ کر زمین کے قریب آ جائیں۔

MEKTUM T34

Composition:
Cantharis 3x, Clematis 3x, Equisetum 2x,
Juniperus 1x, Kali Phos 3x, Plantago 1x,
Terebinthina 1x, Thuja 3x, Uva Ursi 1x.

میکٹم ٹی # ۳۴ (پیشاب کے جملہ امراض، گردوں کی سوجن کے لئے)

پیشاب کے ذریعے جسم میں موجود فاسد مادے کوئی ضرر پہنچائے بغیر خارج ہو جاتے ہیں اگر اس نظام میں خرابی پیدا ہو جائے تو جسمانی کمزوری ریڑھ کی ہڈی، کمر اور پیٹھ کا درد کا شکار، سر درد سستی، کاہلی، بے چینی، غمگینی و لاپرواہی مریض کو کچھ اس طرح گھیر لیتی ہیں کہ وہ اضطرابی کیفیت میں نظر آتا ہے۔ T-34 پیشاب کے رکنے کے باعث درپیش تمام دردناک شکایات کو دور کرتی ہے۔ خواہ وہ ہرنیا کے دباؤ، خصیوں اور فوطوں کی سوزش یا مقعد میں پاخانہ کے اجتماع کے باعث ہو یا عورتوں میں رحم کے امراض یا مرض باؤ گولہ کی وجہ سے ہو یا اسٹرکچر غدا قدامیہ کی سوزش یا حشنہ کے گھونگھٹ کے بند یا کھچاوٹ کے باعث ہو سب مسائل کو رفع کرنے کے لئے T-34 ایک ایسا جادو نظر آتا ہے جو مریض کی بے چینی دور کر کے اسے ایک پرسکون اور راحت آفریں زندگی عطا کرتا ہے۔ T-34 کی علامات درج ذیل ہیں:

پیشاب سرخ، زرد، گدلا، سیاہ کیچڑ جیسا، لیس دار، جھاگ دار، چکنا متعفن ہو، پیشاب میں خون آؤں، دھات، البومین، جلن، چبھن، ٹیس دریار کا وٹ ہو، پیشاب قطرہ قطرہ آتا ہو یا یکا ریک ہو یا یکا یک بار بار آتا ہو، پیشاب کی دھار چھوٹی ہو، کمزور ہو منقسم ہو، پیشاب کی نالی مفلوج، ورم، جلن، درد، خارش، گردے متورم، سوزش درد و کمزوری، اینٹھن، مڑوڑ، آلات بول کی افعالی خرابیاں، نالیوں کی کمزوری، شرمگاہ متورم رحم میں سوزش، پیڑ کے اعضاء کمزور، ورم، بے چینی ندی کے غدود بڑھے ہوئے سخت ہوں، ہسٹریائی مریضوں میں پیشاب رک جائے تو T-34 پیشاب کے اخراج کو معمول پر لاتی ہے اور اسکے باعث بے فکری اور سکون میسر آتا ہے، نیز پیٹ کے اپھارے اور دیگر شکایات کو بھی رفع کرتی ہے۔



طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: خوراک کا استعمال میں معالج کا تجویز کردہ ضروری ہے۔

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM T35

Composition:
Cardus Mar 1x, Chelidonium 1x, China 3x, Chionanthus 1x, Lyco 3x, Nux Vomica 2x, Nat Sulf 3x.

میکٹم ٹی # ۳۵ (پتے اور جگر کے امراض کے لئے)

جگر اور تلی اہم ترین عضو ہیں، جو ہماری استعمال کردہ غذا چکنائی کے ہاضمے کے لئے ناگزیر ہیں۔ **T-35** جگر کے فعل میں واقع ہر قسم کے خلل کو دور کرنے میں اکسیر ہے۔ صفراء کی پیدائش اور بچاؤ میں نقص ہو جگر کا ورم، یرقان، ہاضمہ کی خرابیوں، زیادہ گوشت کھانا، کثرت مے نوشی، سورج کی گرمی میں جسمانی محنت کرنے کے سبب آرام طلب زندگی بسر کرنا، ملیریا کے زہر، مستورات میں فتور حیض، مختصراً جگر کے فعل کے خلل کے باعث پیدا ہونے والا ہر مرض **T-35** کے دام میں بے بس ہے۔ **T-35** کا استعمال درج ذیل علامات میں مؤثر ترین ہے۔ جگر کی سوجن، پسلیوں کے نیچے درد حرکت یا سانس لینے سے بھی درد میں اضافہ، بکثرت پسینہ، بدبودار سانس، نہ ختم ہونے والے پاخانے کی حاجت، دل کی بیماری کے باعث یرقان، یرقان کی علامات، شراب خوری، مصالحہ دار غذاؤں، اسہال اور ادویہ کے کثرت استعمال سے جگر کی تکالیف، قبض، چڑچڑا مزاج، کھانے کی خواہش نہ ہونا، پیشاب سنہری زرد رنگ کا چمکدار، شانے کی ہڈی کے نچلے حصے پر داغ، ہاتھ پاؤں میں جلن، بچوں میں یرقان، سیاہ کول تار کی طرح پاخانہ، ناف کے مقام پر درد، رطوبات جسمانیہ کے اخراج پر ہونے والی یرقان، یا جگر اور تلی کے خلل کا کوئی بھی عارضہ لاحق ہو تو، **T-35** اطباً کا فوری اور مفید ترین انتخاب ہوتی آئی ہے۔ جسکے استعمال کے بعد کسی کو بھی مایوسی اور ناکامی کا سامنا نہیں کرنا پڑا ہے۔

پرہیز: مرغن اور بازاری خوراک استعمال نہ کی جائے۔

MEKTUM T36

Composition:
Millefolium 1x, Hamamelis 1x, Secale Cor 1x, Crocus Sat 1x, Ferr Phos 3x.

میکٹم ٹی # ۳۶ (خون کے سیل رواں کے آگے بند)

خون کا اپنے معمول کے مطابق رگوں میں دوڑنا قوت وحیات کا ثبوت ہے۔ یہ خون اگر جسم سے زیادہ مقدار میں خارج ہونا شروع ہو جائے تو نقاہت اور کمزوری کا باعث بن جاتا ہے۔ **T-36** ہر قسم کے جریان خون میں رحمت ایزدی کی طرح شمار کی جاتی ہے۔ جریان خون خواہ وہ ناک، سے کانوں یا منہ سے، پیشاب پایا خانہ سے خون آتا ہو، رحم سے بکثرت خون کا اخراج ہو، زیادتی حیض، دو ماہواریوں کے درمیان خون آتا ہو، رحم کی رسولیوں سے خون آنا الغرض ہر اخراج خون کے رجحان کو معتدل حد تک لانے میں یا ختم کرنے میں مجرب ترین ہے۔ **T-36** درج ذیل علامات میں مریض کے لئے نجات دہندہ ثابت ہوتی ہے۔ نکسیر سے خون کا اخراج، کانوں سے خون کا اخراج، گردوں کی عدم کارکردگی کے باعث پیشاب میں خون، بواسیر کے باعث مقعد سے خون کا اخراج، پھیپھڑوں اور حلق کی خرابیوں کے باعث خونی قے، عورتوں کے اندرونی اعضاء کی خرابیوں کے باعث اخراج خون، رحم کی رسولیوں سے خون، گہرے اور کالے رنگ کے خون کا جریان، زمانہ حیض میں زیادتی خون دو ماہواریوں کے درمیان اخراج خون، زمانہ حمل میں اخراج خون الغرض جریان خون کی وجوہات کے علاج کے لئے ایک ایسا گراں قدر نسخہ ہے جس سے ہر متاثرہ شخص استفادہ حاصل کر کے اس کو اپنی قوت وطاقت کا سرچشمہ قرار دیتا ہے۔

پرہیز: شدید جسمانی مشقت سے بچنا بہتر ہے۔

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

MEKTUM T37

Composition:
Viburnum Op 2x, Oleum Jec 3x, Pulsatilla 6x, Thuja 6.

میکٹم ٹی # ۳۷ (چہرے کے فالتو بالوں کا بہترین ومنفرد حل)

عورت کی خوبصورتی کا راز اسکی صاف ستھری اور بے داغ جلد میں مضمر ہے۔ عورت اپنے چہرے پر موجودہ غیر ضروری بالوں کو دور کرنے کے لئے ہر ممکن جتن کرتی ہے۔ **T-37** عورتوں کے مسائل کا بہترین حل ثابت ہوتی ہے۔ لڑکیوں میں ہارمونز کی خرابی، ناقص خوراک کم عمری میں جذباتی ہیجان، جینیاتی، بعض ادویات پولی سٹک اوورین، اور دیگر عوامل کے باعث نظر آنے والے غیر ضروری بال **T-37** کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتے ہیں۔ **T-37** غدودوں کی خرابیاں دور کر دیتا ہے، جس کے باعث بال جڑ سے اکھڑ جاتے ہیں، اور یہ چہرے کی رنگت کھلی کھلی اور نکھری نکھری بنانے میں لاجواب ہے۔ مضمر اثرات سے پاک ہونے کے باعث یہ ہر خوبصورتی کی خواہاں خوتون کا اولین فخریہ انتخاب ہے۔ جوان کی خوبصورتی میں غیر ضروری بالوں سے چھٹکارا دلا کر حسن میں اضافہ کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

ہدایات: مستقل فائدہ کے لئے کم از کم 6 بوتل استعمال کرنا ضروری ہے۔

MEKTUM T38

Composition:
Aconite 3x, Pulsatilla 3x, Iodum 3x, Kali Bich 3x, Sambucus 3x, Cinnabaris 3x.

میکٹم ٹی # ۳۸ (دائمی نزلہ، نزخرہ ورم، ناک کی ہڈی کے ٹیڑھے پن کا مکمل علاج)

ناک حواس خمسہ کا ایک اہم ترین عضو ہے جو بیک وقت سانس کی آمد ورفت کی ذمہ داری سنبھالتی ہے اور خوشبو اور بدبو کے درمیان پہچان کراتی ہے۔ **T-38** دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا ٹیڑھا پن، ناک کے اندر گوشت کی سوجن اور نزخرے کے ورم کے علاج کے لئے بے مثال ثابت ہوتا ہے۔ **T-38** درج ذیل علامات میں مؤثر ترین ہے۔

بند ناک، سانس میں گھٹن محسوس ہو، رات میں عموماً ناک بند ہو، ناک سے بدبودار مادہ کا اخراج، جسم میں درد اور ٹوٹن کا احساس، ٹھنڈی ہوا کے باعث یکا یک زکام، بخار پتلا خراش دار پانی نتھنوں سے یا آنکھوں سے گرتا ہو، چھینکے زکام کے ساتھ ہو، نزلہ کی وجہ سے کان سے پیپ اور پانی بہنے لگے تو **T-38** ہی وہ واحد مؤثر ترین اور دیرپا علاج ہے، جو کہ آپکی قوت شامہ کو اتنا مضبوط بنا دیتا ہے کہ آپ گردونواح کے باغوں میں کھلے پھولوں کی مہک سے لطف اندوز ہونے کے اہل ہوتے ہیں۔

T-38 ہر قسم کے نئے پرانے دائمی نزلے کے شکار لوگوں کے لئے نعمت ایزدی ہے، جو نزلہ کے باعث خود کو دماغی یکسوئی ومحنت کے اہل نہ پاتے ہوں۔

طریقہ استعمال:۔ دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: ٹھنڈی اشیاء سے پرہیز رکھنا از حد ضروری ہے۔

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM T39

Composition:
Ars Alb 4x, Calc Sulf 30, [illegible],
Echinacea 1x, Graphites 30, Junglans Regia 30,
Mezereum 30, Petroleum 30

میکٹم ٹی # ۳۹ (ہر قسم کے ایگزیما کے لیے موثر)

غلط دواؤں کے استعمال کے باعث بیماریوں کچھ ہی عرصے کے بعد مختلف شکلوں میں ظہور پذیر ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ **T-39** تمام جلدی بیماریوں خاص طور پر ایگزیما کے لئے ایک لا جواب اور آزمودہ نسخہ ہے۔ نقص ہاضمہ، شدید موسم میں بچوں کے پیٹ میں کیڑے یا دانت نکلنا، بیماری کا دب جانا، مقامی خراش، موروثی اثر، کثرت کار، تفکرات کے باعث، پیدا ہونے والے مرض کو **T-39** کا باقاعدہ استعمال اس طرح ہراساں کر کے دور کر دیتا ہے کہ آئندہ وہ مریض کے پاس پھٹکنے کا نام بھی نہیں لیتا۔ **T-39** کا استعمال درج ذیل علامات کی صورت میں مفید ترین ہے۔ غلط دواؤں کے استعمال کے بعد بیماری کا ایگزیما کی شکل میں ظاہر ہونا۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: گوشت، انڈے، لہسن، پیاز، سرخ مرچ، گرم مصالحہ، بینگن، نیز ترش اور میٹھی اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔ دودھ کا استعمال رکھنا مستحسن ہے۔ نیز ٹھنڈی سبزی مثلاً ٹنڈے، لوکی وغیرہ اور مونگ کی دھلی ہوئی دال وغیرہ مفید ہیں۔

نوٹ: **T-39** کے ساتھ ایگزیما آئنٹمنٹ کا استعمال اثر انگیز ہے۔

MEKTUM T40

Composition:
Hydrocotyle 1x, Chamomilla 1x,
Ars Sulf Flav 6x.

میکٹم ٹی # ۴۰ (برص کے مرض کا خاتمہ)

جلد پر اگر سفید داغ پڑنے کا ایک بار آغاز ہو جائے تو اس کو قابو میں لانا ایک مشکل امر ہے۔

T-40 وہ بہترین مرکب ہے جسکے باعث یہ داغ سمٹتے چلے جاتے ہیں اور انکی افزائش کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

T-40 چہرے اور ہاتھوں پر سفید دھبوں کو ختم کرنے کیلئے ایک بے مثال دوا ہے۔ یہ مرض موروثی بھی ہو سکتا ہے اور عصبی کمزوری بھی اسکی وجہ ہو سکتی ہے۔ **T-40** بالچر کے باعث پڑنے والے داغوں اور ہر وہ شخص جو اس غیر تشفی بخش صورتحال سے نالاں ہو خواہ اسکی وجہ کچھ بھی ہو تو **T-40** کا کچھ عرصے کا استعمال برص سے نجات دلا دے گا۔



طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: حسب لباس عملِ شفا کو سُست بنا دے گا۔

MEKTUM T41

Composition:
Agnus Cast 3x, China 3x, Onosmodium 30,
Sabal Serr 3x.

میکٹم ٹی # ۴۱ (نسوانی حسن، بریسٹ میں اضافہ)

عورت کی خود اعتمادی کا راز اس کے نسوانی حسن میں یک گونہ ہے۔ اگر اس کی نشوونما میں کوئی نقص رہ جائے یا کسی دیگر سبب کے باعث کوئی کمی لاحق ہو جائے تو تمام سولہ سنگھار کے باوجود بھی وہ ادھورے پن کا شکار رہتی ہے۔ **T-41** نسوانی اعضاء کو بے ضرر یقینی تناؤ مہیا کر کے ڈھلکے ہوئے پستانوں کو جاذبیت اور دلکشی فراہم کر کے صنفِ نازک کو قوی اعتماد عطا کرتی ہے۔ **T-41** اُن غمگین زود رنج عورتوں کے لئے پیام مسرت ثابت ہوتی ہے۔ جن کی پست ہمتی پر پستانوں کی کمزوری مزید اہم کردار ادا کرتی ہے۔ نسوانی حسن کے ادھورے پن کے زیر اثر جنسی زندگی بھی بدمزہ ہو جاتی ہے۔ مشروبات اور اغذیہ کا بے تحاشہ استعمال بھی ان کے وزن اور پیٹ کو تو بڑھاتا ہے مگر اُن کی خواہش ناتمام رہتی ہے۔ **T-41** میں شامل بے مثال ہومیو پیتھک مرکب اس مسئلے کی کھوکھلی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے اور عام کریموں کی طرح وقتی نہیں بلکہ مستقل اثر دکھا کر خواتین کو اپنا گرویدہ بنا لیتا ہے۔

MEKTUM T42

Composition:
Belladonna 3x, Glonine 3x, Gelsemium 3x,
Nux Vomica 3x, Spigelia 3x, Usnea Barb 3x.

میکٹم ٹی # ۴۲ (سر درد، درد شقیقہ، آدھے سر کا درد)

سر درد کی شکایت ایک ہوشمند انسان کی صلاحیتوں کو زنگ کی طرح کھا جاتی ہے۔ **T-42** اُن تمام اشخاص کے لئے جو معیادی یا اچانک سر درد کے حملوں کا شکار بنتے ہیں۔ دودھاری تلوار ثابت ہوتی ہے اور سر درد کے تمام حملوں کو پے در پے وار کر کے فنا کر دیتی ہے۔ **T-42** کے زیر اثر سر درد کی تمام علامات اپنی ہولناکیاں کھو بیٹھتی ہے۔ خواہ سر بھاری معلوم ہو، دبانے والے درد ہوں یا چکر آتے ہوں چہرے پر اجتماعِ خون ہو۔ الکوحل یا خوراک کا بکثرت استعمال کیا گیا ہو۔ یا سر درد بوجوہ، قبض، دماغی کام کی زیادتی کے ہو، صبح کا وقت کن پٹیوں کی ہڈیوں میں دباؤ، آنکھوں میں جلن اور تپکن، سخت دھوپ میں دیر تک گھومنا، عصبی یا معیاری سر درد، لو لگنا، اعصابی مزاج والی عورتیں جنہیں ہسٹریائی شکایت ہو گویا **T-42** ہر سر درد کے مسئلے کا واحد ہومیو پیتھک حل ہے۔ جو اپنے مستعمل کو اپنا عادی نہیں گرویدہ بنا دیتی ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: انتہائی موسم، الکوحل اور مرغن اغذیہ سے فاصلہ رکھیں۔

Scanned with CamScanner

MEKTUM T 43

Composition:
Fraxinus Amer 3x, Calc Flour 6x,
Secale Corr 3x, Oophorinum 30.

میکٹم ٹی #۴۳ (رحم اور بیضہ دانی کی رسولیاں)

ریشے دار رسولیاں جن کا کم از کم ۱۵٪ عورتیں شکار ہیں۔ رحم نسائی کے اندر یا باہر پروان چڑھ کر نہ صرف عملِ فروغ نسل انسانی میں حائل ہوتی ہیں۔ بلکہ عورت کے لئے کوہِ مصائب بھی تعمیر کر دیتی ہیں۔ **T-43** ان تمام عورتوں کے لئے جو ایلوپیتھک علاج کروا کر اب نا اُمید ہو چکی ہیں اور وہ جو ابھی علاج کے لئے کوئی راہ تلاش نہیں کر پائی ہیں صحت کی طرف سیدھا راستہ ثابت ہوتی ہے۔ **T-43** ہر عمر سے تعلق رکھنے والی خواتین کے لئے یکساں طور پر مفید ہے۔

T-43 رحم میں پتھر کی مانند سخت وریدوں کو موم کی طرح پگھلا کر رکھ دیتی ہے۔ پھیلی ہوئی وریدیں جو رحم کو غیر معمولی طور پر بڑھا دیتی ہیں اور ریشے دار رسولیاں جن کے سبب نیچے کی جانب بوجھ کا احساس ہو۔ ایام کے دنوں میں سیلان الرحم اور وقفے کے دوران پانی جیسا لیکوریا الغرض **T-43** پٹھوں کے ریشوں میں سکڑاؤ پیدا کے کر بتدریج رحم کی حالت کو معمول کی طرف لاتی ہے اور مریضہ کو روزمرہ کے فرائض بہ حسن وخوبی سرانجام دینے کے قابل بناتی ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: مرغن اور بادی اشیاء نقصان دہ ثابت ہوتی ہیں۔ وزن اعتدال میں رکھنا لازم ہے۔

MEKTUM T 44

Composition:
Anacardium 3x, Ashwagandha 3x,
Avena Sat 3x, Ginkgo Biloba 3x, Kali Phos 3x.

میکٹم ٹی #۴۴ (یاداشت میں اضافے کے لئے)

اچھی یاداشت عطیہ خداوندی ہے مگر ذہنی دباؤ و تفکرات ناقص غذائی عادات اور عمرِ رفتہ جسمانی کیساتھ ساتھ دماغی صلاحیتوں پر بھی بظاہر ناقابلِ تلافی اثرات مرتب کرتیں ہیں۔ **T-44** عصبی کمزوری کے لئے ایک بہترین ناقابلِ تردید توانائی بخش کا ذریعہ ہے۔ جس کا استعمال ذہنی صلاحیتوں کو جلا بخش کر مریض کو دوبارہ معاشرے کا فعال رکن بنا دیتا ہے۔

T-44 ذہنی پراگندگی، پڑھنے لکھنے کے بعد یا دماغی کام کے بعد کمزوری اور غنودگی طاری ہونا، کاروبار میں ناامیدی، شراب نوشی کے بداثرات، یادداشت کی خرابی، فکرمندی، پریشانی اور چڑچڑاپن دور کر کے ذہنی استحکام و قوت عطا کرنے میں مستند شہرت کی حامل ہے۔ **T-44** پریشان کن خوابوں کی روشن تعبیر ثابت ہوتی ہے۔ اور آنکھوں کے گرد پڑنے والے نیلے حلقے تحلیل کر کے چہرے کی پیلی رنگت کو شادابی میں بدلتی ہے۔ الغرض **T-44** اچھی یادداشت کو دوام بخشنے میں لاجواب ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: نیند پوری کرنے کی کوشش کریں۔ لوگوں سے میل جول میں اضافہ کریں۔

معیاری ادویات ۔۔۔ میکٹم کی شناخت

MEKTUM T 45

Composition:
Allium Sativa 1x, Colchicum 3x, Conium 3x,
Creatagus 1x, Podophyllum 3x.

میکٹم ٹی #۴۵ (کولیسٹرول کو کنٹرول کرنے کے لئے)

آرام طلبی، روغنی اغذیہ اور بسا اوقات شدید ذہنی دباؤ حضرت انسان کی خون کی نالیوں میں چربی کا انجماد یعنی کولیسٹرول میں اضافہ کر کے خون کے بہاؤ میں تورکاوٹ پیدا کرتے ہیں۔ مگر ان گنت بیماریوں کے ریلے کو دعوت دیتے ہیں۔

T-45 شریانوں کو تحریک دیکر اُن کی سختی اور تناؤ دور کر کے اور خون میں موجود چربی کے ذرّات کو تحلیل کر کے بحکم تعالیٰ دل کو خرابیوں سے محفوظ کرتا ہے۔ **T-45** کا باقاعدہ استعمال صبح بیدار ہوتے ہی ہونے والی کمزوری سے نجات دلانے کے ساتھ ساتھ دل کی بے قاعدہ چال کو درست رکھتا ہے۔ معمولی محنت سے، تنگی تنفس ہو یا دل کے مقام پر بے قراری یا دھڑکن محسوس نہ ہوتی ہو۔ ہاتھوں اور کلائیوں میں سوئیوں جیسی چبھن ہو یا کمزوری اور سرسراہٹ کا احساس ہو۔ نظام ہضم کا خلل یا قبض وغیرہ ہو۔ **T-45** کولیسٹرول کے باعث صحت کو درپیش تمام رکاوٹوں کو بہالے جاتی ہے اور رفتہ رفتہ خون کو صحت مند حالت میں لا کر رواں کرتی ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: مرغن اغذیہ، بسیار **خوری** اور آرام طلبی اچھی صحت کے دشمن ہیں۔

MEKTUM T 46

Acid Benz 3x, Bufo Vulg 3x, Ledum Pal 1x, Lycopodium 3x, Rhus Tox 3x, Urtica Urens 1x.

میکٹم ٹی #۴۶ (گٹھیاوی درد اور یورک ایسڈ کی زیادتی)

گٹھیاوی درد جس میں جوڑوں کے اندر اور اطراف کی ریشہ دار ماہیت سخت ہو کر حرکت کی طاقت کو کم کر دیتی ہے۔ مضبوط قوت ارادی کے مالک افراد کی ہمت کو بھی پاش پاش کر دیتا ہے۔ **T-46** سردی لگنے یا بھیگنے، کھیلتے وقت کسی خاص جوڑ پر زور پڑنے یا کسی زہر کے خون میں سرائیت کر جانے، ہاضمے میں بگاڑ پیدا کرنے والی غذاؤں یا بہ سبب موروثیت ہونیوالی گٹھیاوی دردوں کی وجہ سے بڑھے ہوئے یورک ایسڈ کو بتدریج معتدل کر کے انسان میں چستی و توانائی کے جوہر پیدا کرتا ہے۔ **T-46** جوڑوں کو چکنا رکھنے والی جھلیوں پر مثبت اثر انگیزی دکھا کر جلن، چیرنے پھاڑنے والے درد، اندرونی ٹھنڈک، بخار کا احساس جوڑوں میں سختی، چھوٹے جوڑوں کے درد، جوڑوں اور جبڑوں تک میں گڑگڑاہٹ، رگوں کے ساتھ ساتھ چلنے والے درد سے مریض کو اپنے شفیق حصار میں مقید کرتی ہے اور پیشاب میں آنے والی البیومن، شکر، بھار سُرخ تلچھٹ کو بھی قابو میں لاتے ہوئے مریض کی مٹیالی رنگت کو گلنار کرتی ہے اور زبردست تھکان کے احساس کو سکون و فرحت میں بدل دیتی ہے۔ یورک ایسڈ کے اخراج میں اضافہ کر کے بالآخر شفاء کامل سے ہمکنار کرتی ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: سرد اور مرطوب آب و ہوا سے بچنا چاہیے نیز پیروں کے لئے نم رہنا انتہائی غیر موافق ہے۔ سادہ غذا اور تازہ پھل، سبزیاں، دلیہ کا استعمال عمدہ ہے۔

معیاری ادویات ۔۔۔ میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM T47

Composition:
Calc Carb 6, Calc Flour 6, Clac Phos 6,
Hekla Lava 6, Silicea 6.

میکٹم ٹی #۴۷ (بڑھتی ہوئی ہڈیوں کا سدِّ باب)

بڑھتی ہوئی عمر کے ساتھ ہڈیوں کا بڑھ جانا فی زمانہ ایک عام شکایت ہے۔ T-47 ہڈیوں کی خلیات کی بیماری کے اندر ہونے میں جسم میں کمی بیشی یعنی میٹابولزم کی ابتری کے باعث ہونے والی ہڈیوں کی غیر ضروری نشوونما سے محفوظ کرتی ہے۔ T-47 کمر، ناک، گردن، پیٹ، بازو یا ٹانگوں کی بڑھنے والی ہڈیوں کی مندرجہ ذیل علامات میں بہترین نتائج کی حامل ہے۔ موسم کی تبدیلی کے ساتھ بڑھنے والے ہڈیوں کے امراض، جوڑوں کا کھینچ کر بدشکل ہوجانا، ہڈی پر اُبھاریں، نقاہت کے باعث مریض کی تمام دن بدمزاجی، غنودگی اور غفلت عروج پر ہوجاتی ہے اور رات تک نہ طاقتی کے باعث پاؤں تک ناکارہ لگتے ہیں۔ کمر درد کی شدت سے کمر ٹوٹتی محسوس ہوتی ہے۔ گردن میں اکڑن، کندھوں کے نیچے تپکن اور جھٹکے والے درد، ہڈیوں کا ناقص تغذیہ مریض کے منہ کا ذائقہ ترش، پاؤں ٹھنڈے اور معمولی محنت سے گرم ہوجاتا ہے۔

طریقہ استعمال:۔ دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: بڑا گوشت اور سخت جسمانی مشقت سے پرہیز لازم ہے۔

MEKTUM T48

Composition:
Ipecac 3x, Antimonium Crud 6, Aethusa 3x,
Belladonna 3x, Phosphorus 3x, Iris Vers 3x,
Coculus 3x, Arsenicum Album 3x.

میکٹم ٹی #۴۸ (متلی اُلٹی اور قے کی دوا)

گرچہ جی کا متلانا یا قے آنا بذاتِ خود کوئی مرض نہیں مگر شدید صورتوں میں یہ کسی موذی مرض سے زیادہ تکلیف دہ بن جاتا ہے۔ T-48 خراش معدہ یا سوزش معدہ، غذائی بداعتدالی بسیار خوری، ہیضے، خوف یا جذباتی دباؤ بہ سبب سفر یا حمل معدے کے ہل جانے یا دب جانے کی صورت میں ہونے والی قے یا متلی۔ بچوں یا بڑوں کی اُلٹیوں کی کیفیت میں استعمال کی صورت میں مریض کو کچھ ہی دیر میں ہومیوپیتھی کا مشکور بنادیتی ہے۔ T-48 کا استعمال درج ذیل علامات میں بے حد نافع ہے بہ سبب سوزش معدہ یا سفر کرنے پر قے، بدہضمی کے باعث مزمن عارضہ لاحق ہوگیا ہو یا اعصابی امراض میں اور پتے کی خرابی میں گردے کی وجہ سے ہونے والی متلی، ٹھنڈے پانی کی پیاس بھی ہو مگر پینے کے تھوڑی دیر بعد قے ہوجائے اور کھانا دیکھنا یا اُس کی بو سونگھنا ناقابل برداشت ہو۔ جراثیمی انٹھن دار پیچش، نسوانی امراض میں مروڑ اور تیز درد کے ساتھ، دودھ پیتے بچوں یا بڑوں میں تیزابیت کی زیادتی اور شراب کے عادی لوگوں کی قے، خواہ مریض کی زبان صاف ہو یا سفید فر کی تہہ ہوتے کا رنگ سبز ہو یا سیاہ جس مرض میں قے کی علامت پائی جاتی ہے ڈاکٹر کے مشورے سے معاون یا واحد دوا کے طور پر مستعمل رکھ کر یقینی تسلی بخش نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

طریقہ استعمال:۔ دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق یا مرض کی نوعیت کے اعتبار سے احتیاط برتیں اور ترجیحاً مائع خوراک مختصر وقفے کے ساتھ استعمال کریں۔

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

MEKTUM T49

Composition:
Yohimbinum Ø, Damiana Ø, Ginseng Ø,
Alfalfa Ø, Avena Sat Ø, Agnus Cast Ø,
China 3x, Acid Phos 3x, Nux Vomica 3x.

میکٹم ٹی #۴۹ (مردانہ طاقت کی مؤثر دوا)

قوتِ مجامعت میں کمی یا زائل ہونا اور جماع کی طرف بے رغبی مرد کو پست ہمت بنا کر ازدواجی زندگی میں زہر گھول دیتی ہے۔ میکٹم T-49 عضو تناسل یا خصیوں میں کسی پیدائشی نقص ہونے کے سبب، کثرتِ مباشرت، مُشت زنی، کثرت جریان، منی واحتلام، بعض امراض زہر آتشک وسوزاک، ذیابطیس، قلتِ منی، تفاکرات، موٹاپا، جسمانی کمزوری یا نشے کے بعد ہونے والی قوتِ مردی کی کمی کی بحالی میں نہایت سودمند مانی جاتی ہے۔ میکٹم T-49 قوت باہ کی کمی کے ساتھ درج ذیل علامات کی پکار ہے۔ جنسی خواہش کا خاتمے، اعضائے مخصوصہ کی خارش، کمزوری، ڈھیلا، پلپلا، سرد اور لٹکے ہونا، قوت مردی کے کے ساتھ قوت حافظہ کا جواب دے جانا، رطوبات جسمانیہ کے زائد اخراج یا کسی بیماری کے بعد کمزوری، کانوں میں گھنٹیاں بجتی محسوس ہوں۔ کاہل، کند ذہن اور دیگر مرض میں مبتلا مریض چڑچڑے پن کا شکار ہو تو میکٹم T-49 اعصاب کو طاقت بخش کر قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ اور مریض کی قبل از وقت طاری بڑھاپے جیسی کیفیت میں نوخیز غنچے چٹکا دیتی ہے۔

طریقہ استعمال:۔ دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: بڑی محبت بداخلاقی وجسمانی خرابیوں کی جڑ ہے۔ ترش، مصالحہ دار اشیاء اور مغشیات سے پرہیز لازم ہے قبض نہ ہونے دیں اچھی صحت کے لئے صفائی رکھنا اور تازہ ہوا میں سیر کرنا از حد لازم ہوتا ہے۔

MEKTUM T50

Composition:
Causticum 3x, Gelsemium 3x,
Kali Phos 3x, Zincum Met 3x.

میکٹم ٹی #۵۰ (فالج کا مؤثر علاج)

جسم کے تمام یا کچھ پٹھوں حس یا حرکت یا دونوں کا زائل یا ناقص ہونا فالج کہلاتا ہے۔ T-50 شدید جذبات یا ٹھنڈک کے باعث، چوٹ، پیدائشی نقائص، دماغی پھوڑے یا رسولی، مرگی، رعشہ، باؤ گولا، آتشک، بلند فشار خون، سکتے یا کسی بھی خرابی سے لاحق ہونے والے فالج زدہ مریض کو جواں تحریک وتوانائی سے نوازتی ہے۔ T-50 سارے جسم کے فالج (General Paralysis)، نصف جسم کے فالج (Hemiplegia)، کمرے سے نچلے دھڑ کے فالج (Paralegia) یا چہرے کے فالج (Facial Paralysis) مکمل حرکتی فالج، فالج خناقی، فالج بچگان، عضلاتِ چشم کے فالج کے مریض کو متحرک اور معاشرے کا فعال کارکن بننے میں اہم کردار کرتی ہے۔ T-50 کا دائرہ کار فالج کے مکمل حملے کی صورت میں یا فالج کی طرف میلان کی صورت میں یکساں طور پر مفید ہے۔ ٹانگیں کمزور ہوجائیں۔ مریض کا بوجھ نہ سنبھال سکیں۔ قبض کی عادت ہو، خشک موسم میں تکلیف کی شدت میں اضافہ ہو۔ سر سے پاؤں تک کمزوری، ڈھیلا پن، فالجی کیفیت چھائی رہے۔ عصبی لرزہ طاری رہے تو T-50 بہترین انتخاب ثابت ہوتی ہے۔ نیز پیرانہ سالی یا ضعیفی میں ہر قسم کے فالج کی اعلیٰ ترین دوا ہے۔

پرہیز: مریض کو آرام کا موقع دیں۔ قبض ہرگز نہ ہونے دیں۔ نمکین پانی میں غسل حالتِ عامہ کو مضبوط بنانے میں مفید ہے۔

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

MEKTUM T 51

Composition:
Andrographis Ø, Conium 3x,
Endotheliua Cornelum Cgeriae Ø,
Phytolacca 3x, Radix Euphorbiae Kansui Ø,
Thuja 3x, Morus Alba Ø.

میکٹم ٹی # ۵۱ (گلٹیوں اور رسولیوں کیلئے)

خلیوں کی تخلیق و تخریب توازن بحرِ حیات کو موجزن رکھنے کیلئے لازم ہے۔ ذرہ برابر بھی تغیر اس میں طوفان برپا کر دیتا ہے۔ اور جسم میں غیر فطری اجسام نمودار ہو جاتے ہیں۔ **T-51** گلٹیوں، رسولیوں، ٹیومر اور کینسر جیسے مہلک امراض کا آزمودہ اور بے ضرر نسخہ ہے۔ **T-51** شریانوں میں سختی، غدودوں کے بڑھ جانے اور اُن کی بناوٹ میں تبدیلی، سخت، پُر درد پستان، پستانوں کا بڑھ جانا، بغل کے غدودوں کا بڑھ جانا، آتشکی اُبھار، اُن میں مسلسل درد، دکھن، بے چینی اور اُن کے سبب ہونے والی شدیدی کمزوری اور جسم کی کپکپاہٹ کو دور کر کے نہ صرف اِن مسائل کو حل کرتی ہے بلکہ مزید نشو نما پر بھی قدغن لگاتی ہے۔ اس کے علاوہ **T-51** کیلئے رحم کی رسولیاں بھی بہ فضلِ ربی جڑ سے ختم کرنا ممکن ہوتا ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: معالج کی ہدایت کے مطابق غذا کا استعمال کریں۔

MEKTUM T 53

Composition:
Ars Album 3x, Acid Nit 6,
Borax 3x, Mer Sol 6,
Nux Vomica 3x

میکٹم ٹی # ۵۳ (منہ کے چھالے، منہ کی سوزش منہ آنا اور منہ کی جملہ تکالیف کیلئے)

منہ کی نازک جھلیوں کے زخم یا اُن کی سوزش جو اگر نظر انداز کر دی جائے تو منہ کا پھوڑا یا ناسور یا **Cellulitis** میں منتج ہو سکتی ہیں۔ **T-53** منہ کے چھالے، منہ کی سوزش اور منہ کی جملہ تکالیف کا شافی علاج ہے۔ **T-53** متورم منہ، زبان یا گلے میں ہونے والے بیضوی، گول، سفید یا گہرے رنگوں کے زخم جو پھپھوندی کی طرح پھیلتے ہوں، زخموں میں ڈنک لگنے یا جلن کے ساتھ درد، منہ کا ذائقہ کڑوا، دانتوں کا ناسور، دانتوں کی صفائی میں تکلیف، مصالحہ دار، کھٹی اشیاء، چھونے، کھانا کھانے یا بولنے میں درد، زخم کے گرد جلد کی سوجن و سختی یا اس کی صورت میں منہ سے خاردار جھاڑ کو غنچہ دہن بنا دیتی ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: گرم، مصالحے دار اور کھٹی اغذیہ سے دورانِ مرض دوری لازم ہے۔

MEKTUM T 52

Composition:
Cardus (Silymarine) 1x, Chelidonium 1x,
China 1x, Kalmagh 1x, Taraxacum

میکٹم ٹی # ۵۲ (ہیپاٹائٹس سے نجات)

جگر کی سوجن یا سوزش ہیپاٹائٹس جو بسا اوقات کاہلی و لاپرواہی کے سبب شدید نوعیت بھی اختیار کر سکتی ہے، فوری علاج و احتیاطی تدابیر کی متقاضی ہوتی ہے۔ **T-52** صحت اور بقا کے ضامن جگر کی معاونت کرتے ہوئے ہیپاٹائٹس A تا G کے وائرس سے جنگ کا آسان ترین حربہ ہے۔ وائرس، کسی زہر یا کیمیکل، ادویات کے مضر اثرات کے باعث، الکوحل کے اثرات، روانی خون میں خلل کے سبب، قوتِ مدافعت میں کمی، پیٹ میں لگنے والی چوٹ یا جسم میں ہی پیدا ہونے والی تبدیلیوں کے نتیجے میں ہیپاٹائٹس میں گرفتار جگر کیلئے **T-52** اِن سے رہائی کا پروانہ ثابت ہوتی ہے۔ **T-52** سوزش جگر کے باعث لاحق یرقان، ابکائی، قے، گدلے، گہرے یا سرخ رنگ کا پیشاب، سفید، ہلکے یا مٹیالے رنگ کا پاخانہ منہ کا کڑوا ذائقہ، زبان پر میل کی تہ، جسم کا درجہ حرارت بڑھ جانے، مردوں میں چھاتیوں کا بڑھا جانا، پسلیوں کے نیچے جگر کے مقام پر درد، بائیں شانے کے نیچے تلی کے قریب درد یا سوئیاں چبھتی ہوئی محسوس ہوں یا بھوک کم لگنے جیسی علامت کو دور کر کے جسم کے سب سے بڑے عضو کو ازِ سرِ نو قوت فراہم کرتی ہے۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: مرغن اور بازاری اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

MEKTUM T 54

Composition:
Calc Phos 6x, Calc Flour 6x, Causticum 3x,
Cimicifuga 3x, Hypericum 3x, Kalmia 3x,
Rhus Tox 3x, Symphytum 3x, Salix Alba 3x

میکٹم ٹی # ۵۴ (گردن اور کمر کے مہروں کی تکالیف)

عمر رفتہ یا روزمرہ کے معمولات میں عدم توازن گردن کے بلخصوص چوتھے سے ساتویں مہروں کو متاثر کر کے گردن گھمانے، سر کو جھکانے اور کمر کی تکالیف کا محرک بنتا ہے جسے نظر انداز کرنے پر نوبت سرجری کی بھی آسکتی ہے۔ **T-54** بوجہ زیادتی وزن، اضافی عمر، گردن یا ریڑھ کی ہڈی میں لگی پرانی چوٹ یا سرجری، آرتھرائٹس آسٹیوپوروسس، بھاری وزن اُٹھانے کے معمول کی بناء پر کلف زدہ نظر آتی گردن کو درد کی قید سے آزاد کرتے ہوئے ازسرِ نو قوتِ حیات فراہم کرتی ہے۔ **T-54** خاموش یا اچانک وارد پذیر ہونے والی علامت پر کاری ضرب لگاتی ہے، شانے، بازو، انگلیوں اور کبھی ٹانگوں میں اُٹھنے والا درد جو رات کو چھینکنے یا کھانسنے، ہنسنے، کھڑا ہونے، بیٹھنے، گردن کو پیچھے کرنے یا چند گز چلنے پر شدت اختیار کرے، گردن میں چیرنے پھاڑنے والا درد، بجلی کے جھٹکے کی طرح درد، سختی، بازو اور ہاتھ میں کمزوری، بے حسی، سُن ہونا یا غیر مستحکم پٹھے، پشت سے اُٹھنے والا سر درد جو پیشانی تک پہنچے، عدم توازن، درد شقیقہ، غیر اختیاری پیشاب و پاخانہ، سرد ہوا کا جھونکا بھی ناقابلِ برداشت ہو جائے تو ایسے مجروح اعصاب پر مرہم رکھ کر انسان کو متحرک بناتی ہے۔ اور درد کے وقفوں کو درجہ بدرجہ طویل کرتے ہوئے روزمرہ کی ادائیگی کو رواں کرتی ہے۔

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

معیاری ادویات ... میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

Stronger Bones
Stronger You

MEKTUM
Calci Mek
Liquid
Calcium plus Magnesium

to protect & Maintain
STRONG BONES
for men & women for all ages

Great in Taste

ہڈیوں کی کمزوری — آسٹیوپروسس — لو بلڈ پریشر
دماغی تھکاوٹ — پٹھوں کی کمزوری — قوتِ مدافعت میں کمی



MEKTUM HOMOEO PHARMA
ISO 9001-2008 CERTIFIED
UNMATCHED QUALITY SINCE 1988

Add More Calcium in your Life with CALCI MEK

MEKTUM **T 55**

Compusition:
Arnica 3x, Acid Benz 3x, Bryonia 3x,
Calc Carb 6, Gualcum 3x, Hypericum 3x,
Ledum Pal 3x, Rhus Tox 3x.

میکٹم ٹی # ۵۵ (ایڑی کا درد، چوٹ، ایڑی کی مختلف تکالیف میں موثر)

ایڑی کے درد کی شدت جو انسان کے وزن کو بھی برداشت نہیں اور متاثرہ پاؤں چلنے سے بھی انکاری ہوتا ہے۔ **T-55** پیر کی ساخت، نسوں پر پڑنے والا دباؤ، Plantar Fasciitis، چوٹ، سوزش، زیادہ دیر کھڑے رہنے کی عادت، موٹاپا یا کسی اور وجہ کی بناء پر درد میں مبتلا ایڑی کو سکون بخشتی ہے۔ **T-55** ایڑی کے نیچے درد، ماہ بہ ماہ ترقی پذیر درد، ایڑی کا اچانک کھڑے ہونے، زیادہ دیر بیٹھنے، جاگنے پر بڑھنے والا درد، کچھ دیر چلنے سے کم ہو مگر تھوڑی دیر میں شدت سے لوٹ آنے والا درد، چوٹ کے بعد کی دکھن، لنگڑاہٹ اور کچلے جانے کا احساس، اعضاء میں موچ آجانے یا اپنی جگہ سے ہٹ جانے کا احساس، متاثرہ پاؤں سے چلنے میں دشواری، سوجن پیر کے پیچھے، پاؤں سرد یا گرم، ایڑی کی سوجن، جلن، رات کو ناکارہ پن، درد بتدریج بڑھے، دباؤ گرمی یا سردی ناقابلِ برداشت، پاؤں کے جوڑوں میں اس قدر کچلے جانے کا احساس کہ مشکل سے زمین پر قدم رکھا جاسکے یا ٹخنے میں باآسانی موچ آجائے تو **T-55** کا استعمال کرکے آپ بیشک میراتھن بھی دوڑ لیں۔

طریقہ استعمال: دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں استعمال کریں۔

پرہیز: ننگے پاؤں چلنے، جسمانی مصروفیات کی زیادتی سے پرہیز کریں۔ جوتے میں نرم تلا بھی سکون بخش رہے گا۔

MEKTUM **T 56**

Compusition:
Apis Mell 3x, Belladonna 3x,
Dulcamara 3x, Urtica Urens 3x.

میکٹم ٹی #۵۶ (چھپاکی، نئے اور پرانے جلدی امراض)

بدن میں واقع ہونے والی تبدیلی خلیے سے Histamine دیگر کیمیائی مادے خون میں خارج کراتی ہے جو بصورت الرجی یا سُرخ ابھار ظاہر ہوتے ہیں۔ **T-56** پالتو جانوروں، کیڑوں کے کاٹنے، کیمیائی مادوں مثلاً دوائیں، انڈا، دودھ، خشک میوے، پنیر یا دوسرے کھانوں، بیرونی یا جذباتی دباؤ، بیماری، سوزش یا شدید بیرونی عوامل، موسم کی شدت، پسینے کے زیادہ اخراج کے باعث چھپاکی سے بے چین وجود کو راحت وسکون عطا کرتی ہے۔ **T-56** چھپاکی میں مبتلا جسم کے مختلف حصّوں کی سوجن یا پلپلاپن، پانی والی سوجن، ذکی الحسی، ہیجانی خارشی کیفیت، سُرخی، گھٹن سے چھٹکارا دلا کر مشام جان تک کو تر و تازہ کرتی ہے۔ روشنی، موسمی تغیرات کو قابلِ برداشت بناتی ہے اور خارش کے نشان، چھوٹے پھوڑے، سُرخ دانے / اُبھار، آبلہ دار دانوں، حساس زخموں کیلئے مرہم ثابت ہوتی ہے۔ اور اس کا باقاعدہ استعمال تکلیف کی شدت میں بتدریج کمی کرتے ہوئے چھپاکی سے نجات دلاتا ہے۔

معیاری ادویات --- میکٹم کی شناخت

Scanned with CamScanner

تعارف

طبِ ہومیوپیتھی تاریخ انسانی کا ایک قدیم طرزِ علاج ہے۔

اس علاج کو جدید قالب میں ڈھالنے والے گوجرمن ہیں مگر پاکستان میں اس علاج کو ایک نئی جہت مقبولیت فراہم کرانے میں میکٹم ہومیو فارما کا کردار ایک مستند حیثیت کا حامل ہے۔

میکٹم ہومیو فارما کو پاکستان میں پہلی بار کیلنڈولا میڈیکیٹڈ سوپ رھیو مالئیمنٹ سینوکس نیزل ڈراپس، ایگزیما آئنٹمنٹ، ہیر آئل میں آرنیکا کے ساتھ دیگر جڑی بوٹیوں کا امتزاج اور مرکبات کی طویل ترین اثر انگیز سیریز بھی متعارف کرانے کا اعزاز حاصل ہے۔

میکٹم ہومیو فارما کی ادویات انتھک محنت، سالہا سال کی تجرباتی کاوش اور خالص چنیدہ نباتاتی اجزاء کے استعمال کی بناء پر معیار و علاج کے شعبے میں بہترین مانی جاتیں ہیں۔

میکٹم ہومیو فارما کی ادویات طبِ ہومیوپیتھی کے مجرب ترین مرکبات اور سہل پسند انسانی نفسیات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بنائے جانے کے سبب ضدی اور پیچیدہ امراض کے لئے حرف آخر ثابت ہوتی ہیں۔

میکٹم ہومیو فارما کے ممبران کے خلوص اور عملِ پیہم کے باعث میکٹم فارما کی ادویات کی مانگ میں نہ صرف اندرون ملک بلکہ بیرون ملک بھی روز افزوں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔

میکٹم ہومیو فارما کے تحقیقاتی بورڈ اور ہومیو فارماسٹس نے عام صارف کی سہولت اور فوری علاج کی سہولت کو ممکن بنانے کے لئے زیرِ نظر کتابچہ ترتیب دیا ہے جس کی افادیت ہر خاص و عام کے لئے یکساں ہے۔ تمام ادویات کسی بھی مرض کی صورت میں بلا جھجک استعمال میں لائی جاسکتیں ہیں البتہ پیچیدہ اور خطرناک امراض کی صورت میں احتیاط کے پیشِ نظر اور مزید عمدہ نتائج کے حصول کی خاطر معالج کا مشورہ مستحسن ثابت ہوتا ہے۔

MEKTUM

ACNE MEK (Skin Care)

Acne Pimple Medicated Cream

ہر قسم کی جلد کے لئے مفید ہے اس کے استعمال سے چہرے کے کیل مہاسے دانے جھائیوں داغ دھبوں کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ رنگ میں نکھار پیدا کرتی ہے اور جلد پھولوں کی طرح نرم و مُلائم ہوجاتی ہے۔

خوبصورت جلد کا دلکش راز

میکٹم ایکنی میک

کے ساتھ

جگر کا جگری دوست

میکٹم

ہیپاٹون لیور ٹانک

- ہیپاٹائٹس
- کمیٔ خون
- بھوک کی کمی
- یرقان
- جگر کے مقام پر دباو یا درد
- جگر کی سوزش یا جگر کے سائز کا بڑھنا



For A Healthy & Happy Liver

Scanned with CamScanner